پس ترے سے بات یہہ بن دوری

رنج اپنی جان پر لیکر تمام
خلق کو راحت رسان رہتے مدام

نفس کی راحت کے خاطر تو سدا
خلق کو ڈالا ہی رنجمین ای گدا

وے رکھے تھے نفس کو معزول کر
تو رکھا ہی اسطرح مقبول کر

پس ترے سے یون کہان سے ہوسکے
پھر کہان مقبول ہوگا دوست کے

راتکو جون شمع دن کو مثل سور
آپ جل اور بخش سب عالم کو نور

حکایت حضرت ابو القاسم

نقش پر آرو ایات پسند
یون ہوا کلک سخن سے نقش بند

کہ ابو القاسم بزرگ نامور
تھا اقامت جنکا فارس کے اندر

ایکشب بیدار بیٹھے تھے مگر
حق سے آگاہ خلق سے ہو بیخبر

نیم شب گذرے پہ سب عالم کے گوش
ہاتف غیبی سے پہنچا یک خروش

کہ ہمارا دوست ایک جنگلین پر
قید مین ڈالا ہی اپنے کو جگر

وادی سباع مین تم جلد جاؤ
قید سے اُسکو چھڑا کر زود لاؤ

اس ندا کو سنکے شیخ محترم
گھر سے نکلے جونکہ باد صبحدم

باہر آ دیکھے ہجوم خاص و عام
شہر سے باہر چلے ہین تمام

شیخ بھی ہو ساتھ اُنکی زود تر
وادی سباع مین پہنچے مگر

بو الحسن نوریکو سب دیکھے وہان
کھود کر ایک قبر تھے تسمین نہان

لوگ اُنکو لائے باہر زور مار
شہر مین لے آئے کر مرکب سوار

پس اُتارے لا ابو القاسم گھر
تھے کئی دن بو الحسن اُس جای پر

قصد جانیکا کئے جب بو الحسن
بولے بو القاسم کہ ای شاہ زمن

کیا سبب اسرا کہ تم گور مین
تھے یکا عالم ہو رہا تھا شور مین

بو الحسن فرمائے ای شیخ امام
ایک جنگل مین ہوا تھا خوش خرام

شہر فارس دور سے آیا نظر
مین گیا تھا اُسکے جب دیکتر

دیکھ فارس نفس خوش ہو کر کہا
شہر مین تو آکے بیچا ای گدا

دوستان تیرے یہان ہین با تمیز
لاکے دیوینگے تجھے تحفے عزیز

شرط مہمانی کو لاوینگے بجا
نعمتین ہر طرح کی تو کھائیگا

تو فراغت سے رہیگا چند روز
بھول جاویگا سفر کا رنج و سوز

پس کہا مین نفس کو ای بدخصال
کیا سمجھ کر تو ہوا ہی شاد حال

آرزو کا دوست تو کب سے ہوا
سرکشی تو ایسی کیون پیدا کیا

قید کرتا اب تجھے ہی بالضرور
تا رہے تو اس خیال بد سے دور

نا دکھاونگا تجھے ہرگز شہر
قید مین ڈالونگا جب تک جای قبر

اسطرح مین نفس کی گردنکو توڑ
قبر مین یا جہان کی آس چھوڑ

شیخ ابو القاسم سنے جیتے تمام
لیکے عبرت وہ گئے حاصل مقام

راہ مین مولا کے ہو ثابت قدم
نفس پر کرتے رہے جور و ستم

آنکو تو عمر ساری ای گدا
پالتا ہی نفس کو نعمت کھلا

جو کہ چاہے نفس تو دیوے مدام
نین پھراتا اُسکی خواہش سے لگام

رات دن تو ہو کے آسایش پذیر
کر دیا ایمان کو اپنے حقیر

نفس کو کب تک کریگا تو قوی
حق پرستونکی کیا کر پیروی

حکم مین تو نفسکے ہی دم بدم
حشر کی رسوائی کا نا کرکے غم

چھوڑ ای اسحاق یہ غفلت خراب
فکر کر دل مین کہ ہی روز حساب

حکایت حضرت حاتم اصم

تھا جو کوئی استاد و علم کہن
یون سنا ہی گوش کو درس سخن

ایکدن حاتم اصم شاگرد سے
دے درم بولے کہ گاجر مول لے

پس چلا شاگرد وہ لیکر درم
رہ مین پایا ایک پیر محترم

سر پہ اپنے ٹوکرا گاجر سے بھر
خوش چلا ہی بیچتا کوچے اندر

دیکھ شاگرد اُسکو بولا ای فلان
ٹک درم کے مجھکو گاجر دیجیے یہان

پس کہا گاجر فروش با وقار
صبر کر دیتا ہون یہ بوجھا اُتار

کوئی کھڑا تھا مرد اپنے در اُپر
پیر جا اُسکو کہا ای خوش سیر

گر اجازت ہو یہان ٹک بیٹھ کر
ایکدرم کے بیچتا ہون مین گذر

صاحب خانہ کہا ای باصفا
ہی اجازت بیچ لے بے دغا

بعد ازان وہ پیر اُس جا بیٹھ کر
شیخ کے شاگرد کو بیچا گذر

پھر خریدار اور ایک پیدا ہوا
وہ بھی گاجر ایکدرم کے مانگتا

پیر بولا اب نہ بیچونگا یہان
پھر کہین جا بیٹھ کر دونگا وہان

ہی اجازت مجھکو بیچون ایکدرم
اُس سے زائد نا کرونگا اور کم

پیر القصہ وہان سے اُٹھ چلا
پھر کسی جای مین بیچا حکم پا

شیخ کی خدمت مین شاگرد کرام
پیر کا احوال بولا ہی تمام

شیخ سنکر اُسکی وہ نادر مقال
یون کہے وہ ہی یقین مرد کمال

پھر کہے شاگرد سے تو اور جا
ایکدرم کے اُس سے گاجر مول لا

پس گیا شاگرد اُسکو ڈھونڈ کر
اسکو بولا پھر درم کے دے گذر

سر اٹھا کر پیر نے دیکھا بجھا
تھا جوان اول کا اسکو یون کہا

تو ابھی گاجر لیا پیر نے مرل
پھر کے آیا کتنی خواہش بچی ول

وہ کہا شاگرد حاتم کا ہون اب
یہہ گذر لیتا ہون مین اسکے سبب

پیر بولا واے حاتم باصفا
کیون ہوا ہی آرزو مین مبتلا

کہ جو کچھ چہتا ہی نفس بوالہوس
کر خریدا اس چیز کو دیتا ہی بس

شکر ہی خالق کا پیر نفس کو
ہی گذر کی سال بھر سے آرزو

مین کیا نین اسکو اب تک کامیاب
آرزو اسکی رکھا ہون کر خراب

دوستان حق جو رکھتے ہین کمال
نفس کو رکھتے ہین خود ذلت مین توال

تو بھی کچھ ای سالک راہ خدا
سالکون کی پیروی کرے سدا

گر مسلمانی کا ہی تیرا طریق
نفس کافر کو نکر ہرگز رفیق

نفس کی یاری سے پاویگا خلل
عاقبت کھویگا نا کرکے عمل

گر تو چہتا ہی کہ ہووے آبرو
نفس کی پس ترک کردے آرزو

نفس کے فرعون کو اول تو با
مثل موسیٰ یار ہو بحر وغا

گر تجھے اس راہ مین ناہو قدم
غرق ہو فرعون سا بے بیش و کم

حکایت حضرت مالک دینار رحمۃ اللہ علیہ

تھا روایت کے چمن سے جو نہال
یون کیا سرسبز یہ حسن مقال

کہ فضیلت سے فلک کے مشتری
مالک دینار مہر انوری

ایکشب کہین خواب مین دیکھے مگر
بولتا ہی شخص کوئی آدر نظر

کہ فلانی جا پہ ہی زندہ دل
وہ خدا کا دوست ہی جا اس سے مل

مست ہی وہ تشنہ اسرار سے
شوق رکھتا ہی تیری دیدار سے

مالک دینار کو تھا کام کین
نین ہوی فرصت مگر جانے تئین

اتفاقاً اسطرح سے تین شب
خواب دیکھے مالک دینار جب

چار دین ان پہ چلے جین ناگہان
جا کے پہنچے شخص بولا تھا جہان

ایک مسجد خوب تھی اس جا پہ پر
تھا جوان کوئی ایک اسمین خوش سیر

اسکو مالک دیکھ کر بولے سلام
وہ علیکی کو بجا لایا تمام

پھر کہا ای مالک دینار آ
مرحبا ای واقف اسرار آ

پس کہے مالک کہ دیکھے تم کبھی
نام میرا اسطرح جانے ابھی

وہ کہا جو تجھکو بھیجا ہی ادھر
وہ بجھاتی کی دیا تیری خبر

الغرض مسجد مین ہر دو ما کیا ز
آئے باہر پڑھ نماز ما بیا ز

پس جوان مالک کو اپنے ساتھ لے
لے گیا خود گھر کے تئین اعزاز سے

گھر مین اپنے خوش بخوش اسکو بٹھا
روٹیان دو خشک تھین آگے رکھا

تب کہے مالک اگر اس وقت پر
کچھ نمک ہوتا تو بہتر تھا مگر

پیرزن تھی ایک اس گھر کے اندر
اسکو بیٹی ایک تھی نیکو سیر

وہ کہی بیٹی کو اب جلدی سے تو
لا نمک کوزے کے تئین کھکر گرو

دختر پاکیزہ از فرمان پیری
لین لجا کوزیکو وہ گروی کھی

پس گہی لاکر نمک مالک کے پاس
کھائے روٹی با نمک وہ حق شناس

پس وہین لاے بجا شکر خدا
کہ قناعت مین ہی ہون مین سدا

پیرزن بولی کہ یہہ تولاف ہے
قول تیرا سربسر بے صاف ہے

گر قناعت تجھکو ہوتی ای جوان
کوزہ کیون ہوتا تھا گروی درمیان

شکر ہی مجھکو بفضل ذو الجلال
سالنا کھا کر ہوے ہین سات سال

شیخ سن اسبات کو ہوگی زبون
پس ہوا آنکھو سے جاری آب خون

ابر نیسان کے موافق اشکبار
باہر آئے گھر سے جون ابر بہار

بولتے تھے نفس کو ای بدسرشت
کیون کیا تو آج ایسا کام زشت

ای عزیز و دیکھنے بیان کر نظر
ہمت زن ہی بلند مردون اپر

تو عبث مردون مین کرتا حساب
لعنت مرد یکا کیا خانہ خراب

زن کی ہمت کا نہین تجمہ مین اثر
مرد کہنا تیرے تئین کیا جان کر

جو سکے تھے نفس کو کرخوار زار
ہین وہی وہ تو جہان مین مردکار

حکایت حضرت ذی النون مصری رح

راوی عذب اللسان شیرین مقال
آرزو تھی انکو سیویان کی مدام
جب گذر گئے آرزو مین برس
آج روز عید ہی ای نامدار
نین تو اب ہو جان لب مرتا ہون مین
کہ ادب سے آج کی شب کر قیام
بعد وضو کر شیخ جلدی اُٹھ کھڑے
روز روشن جب ہوا سیویان پکا
پھر وہی لقمہ دئے برتن مین ڈال
کوئی بولا ای بزرگ خاص و عام
شیخ بولے جبکہ مین لقمہ لیا
مین کہا ای نفس نین پہنچا ابھی
پس کھاوین یک کو لا رو برو
ایک لایا ہون پیام باشرف
رات کو مین عید کا تھا دن لگر
کہ یکایک آفتاب نور ذات
یک براق برق پر ہو کر سوار
کئی ملک کرتے ہین انکا اہتمام
کر نگاہ فیض مجھ پر ناگہان
بھی شفاعت سے مرے پا امتیاز
ہر طرح ذوالنون کے جا گھر کو تو
اور بول اسکو کہ یہ جور و جفا
کچھ تناول کرے تو اس دیگ سے
جب سنے ذوالنون پیغام کرام
رحمۃ للعالمین جنکا لقب

کیا سخن لایا ہی شکر کے مثال
لیک نین کرتے تھے دلکو شادکام
کچھ رہا نین صبر کی بازو مین کس
دے مرا مقصد مجھے کر کامگار
رحم ہی مرے اُپر کچھ ظلم نین
پڑھ دو رکعت مین کلام اللہ تمام
سب کلام اللہ دو رکعت مین پڑے
چاہے پھر وعدہ کرے اپنا ادا
ہاتھ دہو کر بیٹھ گئی وہ باکمال
آرزو تھی تجکو سیویان کی مدام
کر تکبر نفس یون کہنے لگا
آرزو کو تو نہ پہنچیگا کبھی
دست بستہ ہو رہا وہ نیک خو
خود بخود آیا نہین مین اسطرف
دیگ بھر سینوی پکایا اپنے گھر
سید عالم امیر کائنات
خوش چلے آتے ہین باعز و وقار
جبرئیل آتے تھے خود لیکر لگام
مجھکو فرمائے ادھر آ ای جوان
مغفرت سے حق کے ہو تو سرفراز
دیگ سینوی کی لیجا رکھ رو برو
نفس تیرا کب تلک کریگا ای گدا
نفس کو تک لطف سے آرام دے
آنکھ سے آنسو نکالے سرخ فام
گر کرین وے لطف مجھ پر کیا عجب

حضرت ذوالنون مصری پاک ذات
نفس کو رکھتے تھے وے شام و سحر
از قضا ویسے مین آیا روز عید
کہ مرے احوال پر کچھ کر کرم
شیخ بولے نفس کو ای زشت خو
نفس بولا ہی بجان و دل قبول
بیٹھے پھر بیدار دل عالی جناب
سیویان کی ایک برتن مین کئے
پس مصلے کے اُپر قایم ہوئے
دس برس بعد از پکائے جدھر
کہ ہوا مین بہر و رہ ہر حال سے
شیخ اس گفتار مین تھے از قضا
کر اول دستور اظہار ادب
مین ہون یک ادنی غریب باعیال
رات کو جب سیویان کھا سو رہا
رحمۃ للعالمین پیدا رسول
زلف رخسارون اُپر عنبر فشان
دست بستہ ہو ادب سے ہر طرف
ہی تجھے کچھ آرزو دل مین اگر
اُٹھ صبح کو جلد تر جون صبحدم
بھی مرے جانب سے دے اسکو پیام
ایک ساعت اس سے مل اور صلح کر
جمع رکھہ دامن وست جا اپنا مجھے
پس کہے ہو تو مین گنہگار کثیف
دے مرے پر کرکے خود مہر و میا

مصر مین تھے جو کہ شیشے مین نبات
جبکہ کر آرزو سے پھیر کر
نفس کہنے کو لگا غوغا مزید
کب تلک سختی کریگا اور ستم
کام کر گر آرزو چہتا ہی تو
نا کرونگا حکم تیرا مین عدول
تا کہ جب آیا فلک پر آفتاب
منھ اُپر لقمہ اُٹھا کر لے گئے
بھی نمازون کو ادا کرنے لگے
پھر کئے کھانے مین عذر اُسکے مگر
آرزو بر آئی اب دس سال سے
شخص کوئی یک بیک پیدا ہوا
یون کہا ای گوہر عالی نسب
رحم حق کا ہی ترے پر باکمال
خواب دیکھا ایک مبارک طرح کا
شافع روز جزا حضرت رسول
سب معطر تھے زمین و آسمان
حور و غلمان جلو مین تھے باشرف
کہ ملے تو مجھسے ور روز حشر
سو رہا نہ گھر سے باہر رکھ قدم
کہ پیمبر نے کہے تجھکو سلام
نین ہاہی اسمین طاقت کا اثر
بے شبہ حق سے شفاعت ہی تجھے
وہ رسول اللہ کہان ذات شریف
یاد فرما سو ہی شکر خدا

یاد فرمانے مجھے حق کے رسول
ای دلِ مخمور اُٹھ ہشیار ہو
نفس پر اپنے کئے تنگی قبول
آرزو کو جب کئے ہین پائمال
نفس کو مرشد بنا خادم ہی تو
جبتک تو نفس سے ہمراز ہی

حکم لازم ہی مجھے کرنا قبول
خواب سے غفلت کی کچھ بیدار ہو
تب شفاعت کے ہو سکا مئی سزا
معرفت کا تب کئے حاصل کمال
معرفت حق سے ہو تجھکو کبھو
پاس حق کے نا تجھے اعزاز ہی
رنجین رکھ نفس کو شام و سحر

بس گئے ہو باادب اُس تک پاس
دیکھ مردون کی ریاضت بیغلان
جب گئے ہین نفس کی ہستی خراب
تو تیرا ہی نفس کی ہستی اندر
توڑ دل سے آرزو سب نفس کی
چھوڑ دے آسودگی لے سر برنج
گنج سے البتہ ہوگا بہرہ ور

چند لقمے کھائے ہین وہ حق شناس
انتہا کو جسکے کچھ نہین ہی ٹھکان
ہستی باقیکو پاے بے حجاب
نشہ غفلت کی ہو مستی اندر
پس نگہ کر دیکھ کے رو ربی
تا ملے اسرار حق سے تجھکو گنج

حکایت حضرت مالک دینار رحمۃ اللہ علیہ

آ ہوئی نثت روایت بالنصاب
بس حسن بصری کو بصرے کے اندر
جب سرانے اُنکے جا دیکھے تھا
سر کے نیچے لیکے اپنے ایک اینٹ
بس حسن بصری کہے ای باتمیز
مالکِ دینار ہے اسقدر
طوق آتش ڈالینگے اُسکے گلے
پھر حسن فرمانے ای مرد خدا
دوستی سے تم رہو اسکے بعد
قوت خالص کھاؤ ہو آسان حساب
بات یہہ سنکر حسن یک آہ مار
پھر کہے مالک نے یون سن ای حسن
فرش ہی میرا یہی خاک مین
پس مرونگا تو تم اہل انجمن
طوق آہن یک گلے مین ڈال کر
پھر مرے پاؤن کو باندھ ہو کر رسن

تا خداوند زمین و آسمان
ناؤ لب سے نکالا مشکناب
یون ہوی الہام ہاتف سے خبر
ایک ذرہ حال بھی باقی نتھا
خاک پر لیٹے تھے اپنی دیکھے پت
لے سرانے لیئے کچھ یک نرم چیز
کہ دئے ہین ہمکو پیغمبر خبر
جسکی سوزش سے بدن سارا جلے
کچھ نصیحت کر کہ ہو وے دل صفا
مبتلا اُس پر نہ ہو وہ ہی پلید
قوت بیجا کھاؤ مت ہوگا عذاب
چشم سے جاری کئے آنسو کی دہار
دوستانِ حق کے شمع انجمن
گھر نہین مجھکو بجز چرخ برین
غسل دے دستور سے پہنا کفن
یون لکھو میری پیشانی کے اُوپر
کھینچتے لیجا دُتا جاے دفن
لطف سے مجھ حال پر ہو مہربان

کہ ہوی مالک کی جب آخر عمر
شیخ جعفر بن صبیح کو پیاتھ لے
خشک ہو جا خون نا کچھ گوشت تھا
اسطرح حالین بھی کہے دیبان
کہ تراتن ہی سراسر استخوان
ہی جو کوی اسن جگمین آسایش پذیر
بس قبولا رنجش دنیا کو مین
پس کہے مالک یہہ دنیای دغل
تم ہمیشہ زہد و طاعت کے میان
بھی جواب حق رکھو تیار کر
پھر کہے کچھ اور ہو تو بولئے
مال کسکا کچھ نہین میرے اُوپر
رات کو ہی شمع میرا ماہتاب
کر طلب ہر طرح سے تم ایکبار
مالکِ دینار عاصی پر جفا
کر دفن مجھ پر کرو لطف و کرم
فیض لاریبی کا اپنے کر ظہور

سخت بیماری کئی اُسپر اثر
چھوٹ بصرہ آگے مالک سے ملے
پوست اور ہڈیون سے تھا یک پنجرا
یاد حق سے دور نہین تھے ایکدن
اینٹ سے اُسکو ہی بخشش بیگران
آتش دوزخ ہی اُسکو ناگزیر
طوق آتش کا مرے مین تاب نین
ہی فریب و مکر میں سب پرخلل
تیر قامت کو خماؤ جون کمان
بے ریا ہو وہان ریا کا نین گذر
غنچہ لب یاد سخن سے کھولئے
نین کسی پر بھی مرا کچھ سیم و زر
دن کو سایہ نین مجھے جز آفتاب
ہاتھ مین زنجیر ڈالو استوار
عرصہ جگ سے قدم باہر رکھا
فاتحہ اخلاص سے پڑھئے بہم
مغفرت مجھکو کریگا وہ غفور

گوش کہہ انصاف برای بوالہوس
عقل رکھکو اگر ہی دسترس

کہ تھے مالک یک ولی معنوی
یک جہان کرتی تھی جنکی پیروی

حلم او تقوی مین تھا انکو کمال
نفس کو ازبس کئے تھے پائمال

زہد او رطاعت مین تھے شام و سحر
عمر سب گئے ریاضت مین بسر

باوجود اسکے رکھے تھے ترس و بیم
تب ہوی مقبول درگاہ کریم

تو نہین راہ خدا مین استوار
نا ترے دل مین ہے خوفِ کردگار

دن کو کر ابلیس کی فرمان بری
نفس کی کرتا ہی شب کو چاکری

یاد کو خاوند کے دل سے بسر
عمر غفلت مین کیا ہی تو بسر

بس ترا کس طرح رہویگا بھلا
حشر مین کیا منہ دکھاویگا لجا

مست ہو پیکے غفلت کی شراب
فکر کچھ دل مین نہ روز حساب

حکایت حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ

غنچۂ لب بات کی باکر نسیم
یون وی مغز روایت کو شمیم

گنج اسرار خدا حاتم اصم
تھے دُرِ یکتای دریای کرم

ایکدن حجرے مین بیٹھے تھے صفا
ناگہان یکشخص وہین حاضر ہوا

شیخ کو بولا کہ ای صاحب قدم
ہی مرے گھر آج شادی کا رسم

لطف سے عاجز کی دعوت کر قبول
لائے تشریف نا ہو کر ملول

شیخ بولے مین کبھی دعوت کتین
نین گیا مرا تو یہہ دستور نین

رکھہ مجھے معذور کر مجھہ پر کرم
جا خوشی سے کر ادا اپنا رسم

بس جوان انسن خجل ہو کر کہا
تب وُسے حاتم اصم بولے بھلا

گر کرے تو تین شرطان میری سات
تب قبول آؤنگا مین تیری برات

پہلے مین چاہون جہا بیٹھون وہان
تو مزاحم نا ہو میرا ای جوان

دوسری یہہ شرط ہی ای نامور
مین جو چاہونگا سو کھاونگا مگر

تیسری یہہ شرط ہی اسوقت پر
مین جو چاہونگا سو دینا جلد تر

وہ جوان یہہ تین شرطان کر قبول
گھر مین لایا شیخ کو نا ہو ملول

لوگ سارے انسے بل تعظیم سے
لے گئے اعزاز او رتکریم سے

شیخ جب داخل ہوئے مجلس اندر
بیٹھ گئی یک جا کمتر دیکھ کر

تھین جہان لوگونکی ساری جوتیان
العرض حاتم اصم بیٹھے وہان

صاحب خانہ کہا در پیش آ
جا یہہ لایق نہین ای پیشوا

شیخ بولے شرط اپنی یاد کر
کیا گیا تو شرط کو اپنی بسر

جب سنا ہی وہ جوان ایسا نکو
لا علاجی سے رہا خاموش ہو

جب رکھے کھانیکو لا مجلس اندر
سب لگے کھانے کو کھانا سر بسر

شیخ بھی یک نان جو اپنی نکال
کھا رہے تھے یک طرف بیٹھے باکمال

صاحب خانہ کہا ہو باادب
کھانے کچھ کھانا مرے گھر کا اب

شیخ بولی شرط میری ہی یہی
جو مرا دل چاہے کھاونگا وہی

العرض جب لوگ سارے کھا طعام
قصد جانیکا کئے اٹھہ کر تمام

شیخ بولے گھر کے صاحب کو بلا
تین توے گرم کرکے جلد لا

صاحب خانہ توون کو گرم کر
لا رکھا وین شیخ کے آگے مگر

شیخ بولے نان جو کھایا ہو مین
بات یہہ تحقیق ہی کچھ جھوٹ نین

اسطرح اپنی زبان سے بول کر
کی قدم رکھہ اُن توون پر سے گذر

بس مخاطب ہو کہے لوگونکو سب
تم اگر مومن ہو او راسلام اب

کیجئے دل مین یقین ای باشعور
پلصراط او پر سے چلنا ہی ضرور

نعمتین جو تمنے کھائے ہو یہان
جھڑتی دینا ہی ضرور انکی وہان

پلصراط اپنا توون کو جان کر
رکھہ قدم اُن پر سے جاؤ تم گذر

اور جو کھائے ہو چیزان پخت و خام
دیو حساب اُن پر کھڑے ہو کر تمام

لوگ بولے نین ہی ہمکو اقتدار
کہ قدم اُسپر رکھین ہم استوار

آتش سوزان ہی یہہ تو سر بسر
کسطرح رکھنا قدم ہم اُس اوپر

شیخ بولے کسطرح تم در حشر
پلصراط اوپر سے جاؤ گی گذر

جو کئے دنیا مین تم نیکی بدی
ہی یقین دینا حساب انکا سبی

بس کہو کیا فکر رکھے ہو اب
نین تو صد افسوس ہے اسکے سبب

شیخ کر اسطرح عبرت کا کلام
گئی نکل کر گھر کو بیٹے والسلام

لوگ سب اس خنجر تقریر سے
نیم بسمل ہو تڑپنے کو لگے

کوئی زیادہ دلیں درد و غم کئے
کوئی بہا آنسو کو دامن نم کئے

کوئی بجز یاد حق میں ہو مگر
ہو گئے دنیا کی غفلت سے بدر

کوئی ریاضت میں دئے دلکو قرار
کوئی ساز حشر کرنیکو تیار

وائے صد افسوس ای مرد غفل
پردۂ غفلت سے اُٹھ باہر نکل

کب تلک غفلت میں تو گمراہی میں
حق کی رہ کی گم کریگا روشنی

پاک تھی اور تیری ہی خمیر
کیوں غلاظت میں ہوا ہی جاگیر

رنگ لیا ہی سر بسر ابلیس کا
بندہ و خادم ہی پر تلبیس کا

روز و شب حرص و ہوا کا ہو ندیم
چھوڑ ڈالا ہی صراط المستقیم

آرزو میں نفس کی سر تا قدم
دوستی حق کی گیا ہی سب عدم

عمر اپنی کھو دیا تو رائگان
نیں کیا کچھ عاقبت کی فکر یہاں

کیا کیا ہی اپنی وہ ناموس و ننگ
شیشۂ غیرت اُپر مت مار سنگ

آج آئی دیکھ لے اپنا حساب
نیں تو پاویگا صبان رنج و عذاب

بیفکر مست ہو کر وہ مشکل ہی پیش
باندھ لو توشہ نیں تو ہو مجروح و ریش

حشر کی نیں تجھکو سختی کی خبر
ہی کبل وہ گھاٹ جلدی فکر کر

مفت مت کر عمر ضایع روز و شب
قوت لایموت کچھ کر کسب طلب

قوت بچاسے شکم کو پاک کر
آرزو کو نفس کی مل خاک کر

کیوں پڑا ہی راہ سے مولا کے دور
تجھکو چلنا ہی صراط او پر ضرور

کر سفر کا کچھ ابھی سے برگ و ساز
منزل مقصد میں ہوگا سرفراز

نیں تو عزت دولت میں ہے ناموس ہو
تجھ اُپر محشر میں صد افسوس ہو

کر ریاضت لے بزرگوں کا طریق
تب بزرگی ہو ویگی تیری رفیق

مت شرافت پر تو اپنی کر نظر
ہی شرافت جو عمل پر منحصر

باپ تیرا گرچہ تھا بالکل ولی
تو ولی نا ہو ویگا جز پیروی

گر تو نا ہووے بزرگوں کی طرف
تو نہیں ہرگز شریف ای بے شرف

حکایت حضرت شیخ مہنہ رحمۃ اللہ علیہ

ناقل اخبار دانا سے قبل
یوں کیا ہی نقل نقل بر محل

شیخ مہنہ مہتر صاحبدلان
پیشوائے اولیا قطب جہان

گرچہ تھے راز خدا سے باخبر
لیک رکھتے تھے زیادہ کر و فر

بادشاہانہ رکھے محفل سنوار
شان و شوکت کو نہتا جنکی شمار

جائے عالی خسروی مسند صفا
دیکھنے سے جسکے آنکھوں کو جلا

دست بستہ خادمان ہر یک طرف
باادب ہو کر کھڑے ہیں باندھ صف

الغرض یکدم زشیخ نامور
باتجمل اپنے تھے مجلس اندر

از قضا کوئی سید علوی نسب
شیخ کی محفل میں آیا باادب

شان و شوکت شیخ کی وہ دیکھکر
ہو گیا آزردہ خاطر بیشتر

پس کہا دلیں کہ میں آل رسول
ہی مرے جد پر کلام اللہ نزول

کر و فر یہ شیخی ہی سازوار
شیخ کو کاہیکو یہ عز و وقار

شیخ کے آئینۂ دل کے اندر
عکس اس تقریر کا پایا اثر

سید علوی جو کچھ دلیں کہا
فضل حق سے شیخ پر ظاہر ہوا

پس کہے شیخ اُسکو ای علوی نسب
ہی یقین جو تو کہا ہی دلیں سب

جاہ و عزت ہی ترے گھر کا تمام
بلکہ تیرے جد سے جاہ کو احتشام

لیک جد تیرے دو عالم کے شفیع
نیں نسب سے پاے کچھ شان رفیع

بھی نہ مجھے یہ عزت و شان تھی
کچھ شرافت اور نسب سے نیں ملی

سنت نبوی کو دلیں کر قرار
حکم پر اُن کے رہا ہوں استوار

بلکہ اپنے لوگ سراپا کر فدا
پیروی احمد کی کرتا ہوں سدا

جب ہوا میں تابع حکم رسول
تب جناب حق میں آیا ہوں قبول

گر تجھے استادگی جا پیروی
تجھکو بولا ہیگا مرد معنوی

جان لے تو یہہ بھی ای صاحب ہنر
پیروی بن نیں شرافت کو قدر

گر تو اول پیروی مصطفیٰ ۔ تا تجھے حاصل رہی راہ خدا
لاف مت کر گر شرافت ہے تجھے ۔ نہیں شرافت بلا آفت ہے تجھے

گر رہے تو پیروی میں استوار ۔ تب تجھے ہووے شرافت سازوار
تو فضیلت کا نہ کر اپنے بیان ۔ ہی ریاضت او عمل کام میان

رکھہ بزرگوں کے قدم اوپر قدم ۔ تب تو پاویگا مقام محترم

حکایت حضرت خواجہ داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ

راوی دانائے رازِ ماسلف ۔ اسطرح لایا روایت پر شرف
ایکدن داؤد طائی باکمال ۔ صاحب دل عارف حق خوشحال

جعفر صادق کے آئے در حضور ۔ دست بستہ ہوکے بیٹھے بالسرور
باادب ہوکر کہے ای پیشوا ۔ دین او دنیا میں ہو تم رہنما

کچھ نصیحت کیجئے تا آوے کام ۔ کہ ہوا ہی دل سیاہ میرا تمام
جعفر صادق کہے ای نامدار ۔ ہی بلاشک تو بزرگ روزگار

کیا تجھے حاجت نصیحت سے مری ۔ سب صفاتان ہیں پسندیدہ تری
بس کہے داؤد ای ابن رسول ۔ لائق سیراب گلزار بتول

گر نصیحت تم کرو تو ہی بجا ۔ کہ جہاں میں آپ ہی ہیں رہنما
تب کہے ہیں جعفر عالی نسب ۔ کہ مجھے ڈر ہی قیامت کے سبب

جد مرا آکر پکڑ دامن مرا ۔ اس طرح غصے سے فرمایگا
ای پسر افسوس تیرے حال پر ۔ کہ گیا تو پیروی میری بسر

تو مرا فرزند ہوکر ہی عجب ۔ ترک سنت کردیا ہے بے ادب
جب سنے داؤد یہ گفتار گوش ۔ بحر دل کو ہو گیا از بسکہ جوش

بس کہے رو رو کے ای بار خدا ۔ قادر و قیوم ہی اور کبریا
جسکا آب نبوت سے خمیر ۔ اور بھی جد ہی دو عالم کا امیر

اسطرح ہی لیکن اسکے تر و بیم ۔ بس مرا کیا حال ہوگا ای کریم
العزیز و اب ریاضت میں ہو ۔ عمر کو ناچیز اپنی مت کرو

کچھ نسب پر منحصر نہیں ہی وقار ۔ ہی ریاضت اور عمل کو اعتبار
قوت خالص کو طلب کر اول ۔ بس کرو زہد و ریاضت میں عمل

جب تلک نہ ہو شکم کے فرمان پر ۔ تب تلک دنیا میں جو رہنا اسیر
لقمہ بیجا ہووے شکم دور ۔ کشف کا ہوویگا ام اوپر ظہور

نفس کے خطروں کو سارے توڑ کر ۔ دل رکھو مولا سے اپنے جوڑ کر
بھی اڑا دو آرزو مانند خاک ۔ کچھ کھو مت آرزو جز ذات پاک

دور کر دو عیش کا دل سے خیال ۔ تا دکھاوے عشرت باقی جمال
راحت دنیا مثال خواب ہے ۔ رنج بھی دنیا کا نقش آب ہے

تو ہی بندہ روز شب کر بندگی ۔ بندگی کر جب تلک ہی زندگی

باب دوم در بیان عبادت و ریاضت

قاصد راہ سخن چابک خرام ۔ تھا جسے تک روایت یہ مقام
گر فضیلت کے سخن ہے ابتدا ۔ یوں دیا ہی گوش کو پیغام لا

کہ امیر المؤمنین شاہ جہان ۔ شمع فانوس سرا لامکان
ابن عم و زور بازوی رسول ۔ حامی دین خدا زوج بتول

شیر یزدان پیشوای باشرف ۔ شاہ مردان رونق شہر نجف
تھے ریاضت و عبادت میں مدام ۔ غیر طاعت تھا نہیں کچھ اور کام

ایکدن انکو کہا کوئی ہم قرین ۔ ای رسول اللہ کے مسند نشین
دن تمامی تھکہ کر یاروں کے ساتھ ۔ لوگ ہے کرتے ہو امر و نہی کی بات

رات کو جاکر مصلے پر قیام ۔ تم لگے ہو شب عبادت میں تمام
ایک ساعت بھی کبھو آرام نین ۔ رنج و محنت کے سوا کچھ کام نین

رات دن آرام اپنا چھوڑ کر ۔ کب تلک باندھوگے سختی پر کمر
کچھ تو کچھ آسودہ ہوکر لیتے ۔ تخت راحت کے اوپر جا بیٹھتے

حضرت ساقی کوثر بعد ازان / یہ مبارک لب سے فرمائی بیان
کہ اگر مج کو ہون راحت طلب / ہووینگے ضایع جہان کے کام سب

راکھو گر مین کرون راحت کے خواب / پس مرے سب کام ہووینگے خراب
پس وہان دن حشر وقت حساب / دیونگا کیا حق تعالی کو جواب

پھر مرا اسطرح سے ہووینگا حال / کیون پھر کا کجھاؤنگا جمال
اس سبب محنت کیا ہون اختیار / تا ہوون نا حشر مین مین شرمسار

الغرض ہی نیک لوگون کا یہ چال / طاعت حق مین ہی ماہ و سال
تو سراپا بندگی سے دور ہی / نفس تیرا سرکش و مغرور ہے

تن کو آسودہ رکھا ہو بے خبر / حال سے محشر کے جو ہی سخت تر
بندگی کی کچھ نہین تجھ مین نشان / پس خبر تجھکو ریاضت سے کہان

مرو راہ حق مین ہو کر جہد کر / تب ریاضت مین گنوا اپنی عمر

حکایت مرد صالح

نقل ہی کوی مرد صالح نامدار / جسکے تن تھا تابعی نہین شمار
رنج طاعت کو نہ تھا اسکے تھکان / رات اور دن تھا ریاضت مین بجان

کر قیام اندر عبادت روز و شب / لالیا تھا پاون پر آماس سب
ایکدن مان اسکی روتی زار زار / آئی بیٹھے پاس کر بیقرار

یون کہی ای جان مالخت جگر / دلکو راحت چشم کا نور البصر
کر تو اپنے تن اوپر کچھ ٹک کرم / کب تلک یون محنت و درد و الم

ایک لحظہ نین تجھے آرام ہی / رنج طاعت مین تو صبح و شام ہی
کیا گروہ سات دوزخ کو خدا / واسطے تجھ ایک کے پیدا کیا

بس کہا فرزند ای مادر مری / جان و دل کی فرق کی افسر مری
بندگی کے واسطے بندہ ہون مین / بندگی کو ترک کرنا خوب نین

نین ہی دو حالت سے بندہ دور تر / یا چھوٹے یا جاکے دوزخکی اندر
جب تلک ہمت ہی کر کر قصور / رنج طاعت کو اٹھانا ہی ضرور

تا صبار و زفیات کے اندر / ناکرون افسوس اپنے نفس پر
اور اپنے دل مین حسرت نا کرون / کہ عبادت مین کیا سو رنجمین ہون

الغرض جب موت اسکو آئی میسر / بس لگا رونے کو وہ پاکیزہ کیش
آہ سے دلکو جلایا کر برق وار / تھا بہستا اشک جون ابر بہار

لوگ بولے اسکو ای عالی گہر / کیون ہوا تو زار تجھکو کیا خطر
تو تو اپنی عمر ساری اے جوان / دور نین تھا بندگی سے ایک آن

دن تمامی بجے خور و آرام و چین / نین رہا بیدار سونین کوی پن
پھر تجھے کس بات کا ہی خوف و ڈر / کر بیان ہم سے تو ای عالی قدر

بس کہا ای جوان نیک بخت / کہ مجھے لگیاتی ہی فکر سخت
جب مرا یہ مرغ جان پرواز کر / جاونگا یہ تن کا پنجرا باز کر

نین مجھے معلوم بعد از کا حساب / رحم فرماوے خدا یا عذاب
یا کھلیگا مجھ اپر جنت کا در / یا جہنم کا کھلے در مجھ اُپر

پس اسی باعث سے ہون مین زار زار / فضل سے حق کے بھی ہون امیدوار
الغرض یہ مقبلونکا طور ہے / طور تیرا تو عجب کچھ اور ہی

وی ریاضتین کئے تن کو کان / مغفرت کی تب کے ہوئے نشان
تو ہوا ہی قید مین عصیان کے بند / رات دن کرتا ہی عشرت دلپسند

نفس و شیطان سے الفت جو ڑکر / طاعت حق سے رکھا دل توڑ کر
کیون ہوا تو اسطرح مخمور و مست / باز آ غفلت سے اب ای حق پرست

کیا نہین تجھکو یقین روز حشر / جو گیا ہی دل سے بھول اسکا خطر
عبد ہی تو عبدیت کو لا بجا / دیکھ مردون کی ریاضت کو تجھا

حکایت حضرت احمد حریر رحمۃ اللہ علیہ

راوی دانندۂ اسرار حال / اسطرح بولا حقیقت باکمال
کہ بزرگ نامور احمد حریر / شمع ایوان ولایت کے منیر

چلہ کش ہو کنج عزلت اختیار / کرکے بیٹھے عمر مین چالیس بار
ختم قرآن بھی کئے چالیس ہزار / تھی ریاضت انکی زیاد از شمار
روز و شب چالیس رکعت پڑھ نماز / از نوافل کرتے صاحب کی نیاز
خلق کو ساری سکھایا وہ تمام / فیض کا بھیجا دئے ہر یک کو جام
الغرض اسطرح کی محنت اُٹھا / ہو گئے مقبول درگاہ خدا
عمر کھو یا مفت اپنی اے جوان / فکر نین ہی موت سے کچھ دل میان
مقبلان حق کے ریاضت مین رہے / محنت و رنج عبادت مین رہے
بھی وے سے چالیس ہزار ان درم / بانوا یون کیشن وہ ذو الکرم
باوجود انکے نوافل ور سُنن / کی پڑھی ہین وہ چراغ انجمن
بھی حدیث مصطفی چالیس ہزار / یاد کر رکھے تھے وہ عالی تبار
کیا شب و کیا روز کیا ساری عمر / نین کئے پہلو زمین کے فرش پر
تو سراپا ہو گیا راحت طلب / نین تجھے خوف خدا اے بے ادب
روز کو تو آخرت کے یاد کر / عمر اپنی مفت مت برباد کر

حکایت حضرت ابو القاسم خواجہ جنید بغدادی

جو سخن کے بحر کا غواص تھا / یون نکالا بات کا دُر بے بہا
ابتدا حال مین بزاز تھے / سر حق کے واقف و ہمراز تھے
باہر آتے گھر سے اپنے جلد تر / کھول کر جا بیٹھتے دوکان پر
کر قیام باخشوع او ربا نیاز / چار سو رکعت نفل پڑھتے نماز
لین دین اپنا تمامی چھوڑ کر / طاعت حق مین ہا کرتے مگر
الغرض جب وقت آیا موت کا / نزع جان بس اُن اپر ظاہر ہوا
دیکھتا کیا ہی کہ وہ ذات لطیف / خوش لحان پڑھتی ہی قرآن شریف
وہ کہا اے مقتدا روزگار / عارف حق تم ہو عالی اقتدار
تاب کچھ باقی رہا نین ایک مو / لے سرہانے نزع کچھ اب سو ہو
رنج پایا مین اگرچہ بیشتر / لیک مین جیسا کہ اب ہے مجھ پر
مین کیا جو کچھ وہی اس آن سے / بہتر صبا مجھکو نہین امکان ہی
ویسی حالت مین بھی وہ شیخ انام / با ادب پڑھتے تھے آیات کرام
جب تلک تھا روح کا تن مین گزر / تھا کلام اللہ جاری جب پر
نقل ہی کوئی شخص بستی کے اندر / تھا اُسی کوئی دوسرا بولا خبر
وہ جوان اُٹھ کر وہین سے باہر / ہو رہا حاضر وہین مرشد کی پر
کہ جہان کی آب و گل کا تو رقید / نقل دنیا سے کیا شاید جُنید
کہہ رہے تھے بات یہہ وہ راہ بر / شیخ کی رحلت کی بولا کوئی خبر
کہ ابوالقاسم تھے باکشف یقین / صاحب اسرار تاج مومنین
انکا قانون اسطرح سے تھا ہمیش / کہ صبح ہوتی وہ پاکیزہ کیش
لیک پردے جو طرف سے چھوڑ کر / کوٹھری مین جا مصلے کے اُپر
جب تلک نا ہو نماز اپنی ادا / نین نظر کرتے کبھی جانب بجا
جب ادا کرتے نماز اپنی تمام / بیٹھتے دوکان پر وہ شاہ امام
ایک خادم معتقد بولنے تھا / شیخ کے نزدیک وہ حاضر ہوا
بھی طرف قبلے کی منہ اپنا پھرا / با ادب بیٹھے تھے تکیہ نا لگا
وقت یہہ تو تم اپر ہی نزع کا / کیون رکھے ہو رنج اپنے پر روا
شیخ بولے اُسکو اے عالی نسب / کیا کہون احوال جو میرا ہی اب
پر مرے اعمال نامے کے اندر / نا لکھنگے بعد میرے خیر و شر
بات اتنی کہہ رہے تھے از قضا / دگدگی مین جان انکا آرہا
تا بجدی روح ساقط ہو گیا / کچھ اثر جان کا بدن مین نا رہا
جب ہوا ہی اُن اپر فضل خدا / قطرہ جانکا بحر رحمت سے ملا
جلد تر اُٹھ باہر آ تو اے جوان / کہ کیا رحلت خلیفہ مومنان
مرشد آگاہ دل پر افتخار / یون کہے سوز جگر سے آہ مار
ہی خلافت مومنون کی شکتیز / ہمسر اُسکا آج کوئی عالم مین نین
جب سُنے اُس بات کو وہ رہنمون / بولے انا للہ و انا الیہ راجعون

گوش کر اسپاکو ای مرد ہوش
جوش میں لا دیگ لکو کر خروش

نفس پر لینے لئے جب پیچ و تاب
پائے عالم پر خلافت کا خطاب

نفس کی آسودگی کو کر قبول
بندگی پر ہی اُترا یا خاک و ہول

ہیں ترے ابلیس کے افعال سب
پھر کہاں ہی آدمی تجھکو لقب

باب کو تیرے کیا جنت سے دور
دور ہو تو ایسے دشمن سے ضرور

اسطرح جنید لیتے ہیں رنج
قربت کا حق کے لیتے ہیں گنج

تو پیٹ کر قید میں شیطان کے
کام کرتا ہی سبھی عصیان کے

نفس و شیطان کا ہو کر رفیق
ترک کر ڈالا ہی مردوں کا طریق

تو اگر انسان ہی کر لے تمیز
کسکا دشمن ہی تو اور کسکا عزیز

دوستی دشمن کی ہرگز مت پسند
دوستی کا دوست کے احرام بند

حکایت ابراہیم ادہم رحمت اللہ علیہ

شاہد کاغذ ابھی لے وزیر راز
یوں کیا مشاطۂ خاطر طراز

قصہ حج کا کرے دلیں استوار
چل دئے کعبے کے جانب ایکبار

پاؤں سے چل چل کے جاتے ہیں تمام
ہیں بجالاتے ہیں شرط احترام

جب چلے کعبے طرف وہ باناز
ہر قدم میں پڑتے دو رکعت نماز

میں نہیں پھیرون منھ کو نامیکے مثال
خدمت طاعت سے ہوں خوشنود حال

سات برساں جب گذر گئی راہ میں
حج کئے تب جاکے بیت اللہ میں

خود عشا کا رکھ وضو وہ باصفا
صبح کی کرتے نماز فرض ادا

شیخ ابراہیم ادہم نامور
وہ تو دریا تھے فضیلت پر قدر

دل میں اپنے یوں کہے وہ باصفا
راہ میں کعبے کے سب خلق خدا

کیوں قدم سے جاؤں بیت اللہ کو
یعنے اس دربار عالی جاہ کو

بولے میں سر کو اپنے کر قدم
سجدہ کرتا جاؤں گا مثل قلم

سجدے کرتے اسطرح سات سال
بدر تن کو گھٹائے جوں ہلال

نقل ہی اسطرح وہ عالی مقام
بادۂ اسرار کے سرمست جام

اسطرح بارہ برس تک بے قصور
تھے عبادت میں خدا کے بالضرور

موت کا جب وقت آیا از قضا
یکبیک آئی فلک سے یہ ندا

الامان الارض قد مات

کہ امان الارض کو آئی اجل
تھی پناہ ذات اسکی عالم بدل

پس کہے سب کہ یہ کیا ہی ندا
نیں ہوا معلوم یہ کیا راز تھا

ہاتف غیبی دیا تھا جو ندا
خلق پر اسکا سبب ظاہر ہوا

ہی عجب انکی ریاضت ایعزیز
دیکھے محنت کو انکی کر تمیز

کسطرح اپنے اوپر محنت لئے
تن کے تیں اپنے ریاضتیں سئے

تو رکھا ہی تن کے تیں آرام میں
پیٹ بھرنے کے لگا ہی کام میں

اس ندا کو جب کئے سب خلق گوش
ہو تعجب کھو دئے تھے عقل و ہوش

دوسرے دن شیخ کا روح کرام
بزم دنیا سے پیا رحلت کا جام

کہ امان الارض ادہم تھا مگر
اُسکی رحلت کی دیا ہاتف خبر

شب تمامی با وضو رہتے مگر
سال وہ رہتے تھے ایسے طور پر

الغرض انکی ریاضت کے اثر
نام انکا تھا امان الارض کر

نیک مردوں میں تو کب ہوگا شریک
تو ہی کم ہمت میں زن سے ہی رکیک

حکایت زن پارسا نغات العدویہ

ساقی بزم روایات کہن
یوں دیا بھر ساغر در سخن

تھا نغات العدویہ اسکا لقب
صالحہ تھی نیک باطن با ادب

ہی فضیلت اسکی ایدا زشمار
یھاں بیان اسکا کیا میں اختصار

ایک عورت پارسا تھی نیکنام
عارف حق زندہ دل عالی مقام

زن نہ کہنا وہ تھی مردوں کے مثال
بلکہ مردوں میں ہیں کم ویسے کمال

الغرض اسکا یہی معمول تھا
جب ادا کرتی نماز شب ادا

سوتے ہیں پر لوگ سارے اپنے ٹھار
تب وہ بی بی ہوکے دلمیں بیقرار
بیٹھتی قبلے طرف ہوکر رجوع
با ادب ہو با خضوع او ربا خشوع

ہو مخاطب اسطرح سے تن کے سات
انکھ سے آنسو بہا کرتی تھی بات
ای تن کاہل نہو ہرگز غرور
کہ ابھی ہی موت تیری بہت دور

سر اُپر تیرے ہی اب سنگ اجل
چاہتا ہی سر ترا دالے کچل
عمر کی یہہ رات آخر ہی پچھان
کہ صباں کی زندگی کو نیں نشان

پس تو کوشش واسطے ہو کر قوی
غفلت شیطان کی مت کر پیروی
رنج او محنت میں ہو ثابت قدم
مت قبول آسودگی تا صبحدم

ہی تجھے اس رنج میں راحت زیاد
نیں تو ہوویگا صباح تو نامراد
بول کریوں نفس سے وہ با نیاز
رات ساری صبح تک پڑتی نماز

رات ساری اسطرح جاتی تھی ٹل
صبح کو خورشید جب آتا نکل
نفس کو کہتی پھر اپنے اسو ضا
کہ تو یاد حق میں شب بیدار تھا

زشت ہی بیکار رہنا دن تمام
خوب ہے کرنا عبادت میں قیام
ناگہانی موت تیری آملاے
تب تو اپنے گور میں حسرت کھاے

زندگی اپنی غنیمت کر شمار
روز و شب حق کی عبادت میں گذار
نیں تو ہو فردا پشیمانی تجھے
حسرت و افسوس حیرانی تجھے

اسطرح القصہ وہ عالی مقام
رات اور دن بھی عبادت میں مدام
رات ہو مار و زبل ہر ایک آن
حق کی طاعت بن نہ تھا کچھ اسکو دھیان

جب ہوا سرما کی چلتی سرد تر
کانپتا جاتا ہے ہر یک کا جگر
لیک وہ مردانہ زن عالی ہمم
بیشتر مردوں سے تھا جسکا قدم

کوئی دن بھی تاب جاڑیکا نہ لا
تن پہ کپڑے دو نہیں اور تی ملا
تا مبادا جسم کچھ راحت کو پاے
نیند میں پڑ کر عبادت کو گنواے

نیند کا جب چشم میں آتا خمار
گھر سے باہر اٹھ چلے وین ایکبار
گشت کرکے اپنے گھر کے آس پاس
نفس کو کہتی کہ ای غفلت اساس

تو اگر مجبور ہو کر سوویگا
حق کی طاعت کو سفر کھوویگا
تجھکو میں ہی خواب سے کچھ آب و تاب
عاقبت ہو خواب سے تیری خراب

اسطرح سے نفس کتیں داب سے
دور رکھتی تھی ہمیشہ خواب سے
اسطرح سے روز و شب وہ حق شناس
بے حضور و بیخواب بھی پڑ نہ پاس

ایک لحظہ عمر میں راحت نہ پائی
جان اپنا سب عبادت میں گھٹائی
پہلو اپنا خاک پر وہ با کمال
نیں کبھی ہرگز کبھی پنجاہ سال

عاقبت با قرب حق سے امتیاز
ہو گئی دونو جہان میں سرفراز
پس تو بھی ای سالک راہ خدا
نفس کی آسودگی کتیں جلا

کچھ ریاضت سے سوا مت رکھ خیال
نیں ریاضت بن تجھے ہرگز کمال
راتکو جوں شمع ہو بے جفت و خواب
دن تمامی تاب میں جوں آفتاب

تا کہ جاوے قطرۂ شیطان جل
آفتاب نور ذات او نکل
سخت ہو اپنے پہلے ہر وقت رنج
عاقبت تو پاویگا بے شک گنج

دیکھ لے ظاہر ہی قرآن مبین
لا یضیع اللہ اجر المحسنین
سست ہو کر کاہلی ہرگز نہ لے
کام کرنا تجھکو مزدوری ملے

حکایت حضرت بی بی رابعہ بصری رح

راوی دانا ہی راز پاستان
اسطرح لایا ہی گلشن داستان
رابعہ بصری ولی کردگار
حقۂ وحدت کے وہ تھی ہشیار

کشف اور اسرار کے گلشن کے گل
شیشۂ وحدانیت کی تھی وہ مُل
وصف انکی لاکہیں سے ایک اگر
عمر بھر بولوں تو نا ہووے بسر

وہ نماز شب کو جب کرتے ادا
رات باقی میں نفل لاتے بجا
چار سو رکعت نفل پڑتے نماز
بلکہ کچھ افزود با عجز و نیاز

بھی عبادت میں خدا کی کر قیام
صبح صادق تک کھڑی رہتے مدام
صبح کی آثار جب ہوتے پدید
ماندگی اعضوں اُپر ہوتی شدید

درد اعضوں سے نہت بیزار ہو
بیٹھ جاتے کچھ وہیں وہ نیک خو
سو رہکلے پر نہت بے اختیار
نیند کا از بسکہ آجاتا خمار

بالضرورت سر کو رکھہ زانو پر / بند کرتے چشم کو کچھ بیٹھہ کر
ای تن کاہل ہوا کیون مست خواب / دے جھٹک جلدی سے غفلت کا نقاب
نیند آویگی تجھے جس وقت پر / پھر نہ ہو بیدار تا روز حشر
اسطرح سے کاہلی کو دور کر / حق کی طاعت مین ہے شام و سحر
الغرض بی بی نے جب پائی وفات / رحمت حق ہو گئی انکے برات
خواب مین کوئی انکو دیکھا شادمان / عیش اور آرام کے ہین درمیان
اسنے اس بی بی کو پوچھا مو صفا / ای در دریائے عرفان خدا
رابعہ فرمائے تب اس مرد کو / ہی یہی جنت مرے لے دیکھ تو
تھی عبادت کی ریاضت مین مدام / عمر کو آخر کئے اپنی تمام
رابعہ بولے اسے ای دوستدار / کیا کہون مین تجھ سے لطف کردگار
پس کہا وہ مرد ای رحمت نصیب / رحمت حق ہی تمہارے سے قریب
پس کہے رابعہ اسے ای حق طلب / یاد رکھ یہہ خوب جو کہتی ہون اب
صدق دل سے لا بجا حکم خدا / نہیت سے دور رہنا ہی سدا
وہ جوان یہہ بات سن کھو لامین / پس کیا کنج عبادت مین وطن
نین تیی ساز عاقبت کو کھوئیگا / نفس پر اپنے دکھونسے روئیگا
حق کی طاعت سے رہیگا بہرہ ور / نفس کی صحبت سے پاویگا ضرر
کیون ہوا تو اس طرح مخمور و مست / یاد کر لے وعدہ روز الست
وعدہ اپنا کر وفا ای نیک / نفس و شیطان کا نہو ہرگز شریک
جا کلام اللہ مین لے دیکھ زود / جو خدا فرمایا اَوْفُوْا بِالعُهُوْد

۲ ابھی نفس حق کی راہ مین عمل [illegible]

کھارہے ہو چشم اپنے کھولتے / نفس کو اپنے دتا کر بولتے
چھوڑ اس مستی کو تین بیدار ہو / کب تلک دیوانگی ہشیار ہو
نیند نہ آئی تلک کچھ کام کر / نیند غفلت مین نہ صبح و شام کر
جبہ و دستار پشمینہ کہن / تن پہ رکھتے تھے دریدہ پیرہن
جو کہ تھا انکا پرانا پیرہن / بس ہوا وہ پیرہن انکو کفن
تن اپر جبہ ہی از دیبا صاف / نرم اور باریک بھی وہ نور باف
ہی کہان جبہ جو دنیا کے اندر / سالہا کرتے تھے طاعت مین گزر
پھر کیا وہ مرد انسے یون سوال / کہ عبادت تم کئے ہو ماہ و سال
کیا نتیجہ اسکا تم پائے یہان / لطف سے مجھ سے کرو اسکا بیان
کر گئی مین طاعت رب العباد / کام پائی ہون مزدوری زیاد
تم کہو مجھ سے کہ وہ کیا کام تھا / جس کے کرنے سے ہوا راضی خدا
رکھ خدا کے یاد مین تو مدام / چھوڑ دے آسودگی تنگی تمام
لے ریاضت مین عبادت کے قرار / بندگی مین عمر کو اپنی گذار
جوش کھا کچھ دلمین ای غفلت مزاج / بندگی کر لے جو کچھ فرصت ہی آج
نفس کی خواہش سے ہو مت ہم نفس / چھوڑ دو سب تنگی راحت کی ہوس
ذکر لمین دلمین رکھ یاد خدا / رہ ریاضت اور عبادت مین سدا
بھول جا کر اپنا وہ قالوا بلا / کیون ہوا ہی تو سراپا بیوفا
باوفا کا حق تعالی یار ہی / بیوفاؤن سے خدا بیزار ہی
ہر طرح سے نیک مردان خدا / اپنی شرطون کو رکھا کرتے نبھا

حکایت حضرت صفوان بن سلیم رح

راویون کے ہاتھہ کا چابک قلم / سطح کاغذ پر یہہ مارا ہی رقم
یون جناب کبریا مین اکبار / یون گئے تھے شرط دلمین استوار
جب خمار خواب کا ہوتا اثر / سر کو رکھتے بیٹھہ زانو کے اپر
پس ادب سے جلد تر کرتے قیام / پس یون ہین رہتے عبادت مین مدام
یکبیک پھر موت انکی آئی جب / ہو گئے بیمار وہ عالی نسب
صاحب اسرار صفوان سلیم / حق شناس و عالم علم قدیم
کہ جہان مین زندگی ہی جب تلک / نا رکھون پہلو زمین پر تب تلک
صبح انکھان کھولتے پھر جلد تر / اگیا چابک کوئی ہی پشت پر
الغرض چالیس سال اسطور سے / پشت و پہلو کو زمین پر نہین رکھے
نین رہا قوت بدنمین بال بھر / تاب و طاقت کا نتھا تن مین اثر

دوستان جو تھے سو بولے اُٹھکین ۔ اب تمھارے بین یارا بھی تاب مین
لیتے آسودہ ہو بستر اُپر ۔ مت کرو اپنے اُپر اتنا جبر
بس کہے صفوان ارادہ ہی مرا ۔ کہ اسی حالت سے ہون جگسے جدا
شرط کو اپنی وفا کرنا ضرور ۔ مین تو رحمت سے خدا کے ہوون دور
بول یون دیوار پر تکیہ کئے ۔ جان جانان کے حوالے کر دئے
پر رحمت حق سے ہو ہمین سرفراز ۔ کہ ریاضت مین کئے جانکو گداز
غسل دیتے وقت کوئی دیکھا اگر ۔ تھے دو دو زن انکی پیشانی پر
جو کئے سجدے زیادہ روز و شب ۔ تھا پیشانی کے اُپر انکا سبب
جب تلک محنت کئے بن اختیار ۔ شاخ راحت تب تلک دیوے نہ بار
مرد ہونا اسطرح اپنے پہ بخت ۔ چاب رکھا ناجگر کو ایک لخت
دلکو اپنے نرم کر مت سنگ ہو ۔ ظاہر و باطن مین جو دیگر رنگ ہو
تا ہو ظاہر مین نیت پرہیزگار ۔ بھی نہو باطن مین اپنے زشت کار
خلق نیکی کا کرین تجھہ پر گمان ۔ معصیت تجھہ مین مرا ہی نہان
تو زبان خلق کے تئین راست کر ۔ تا کرے تیرے تئین حق راست تر

حکایت حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ

اس طرح غواص دریا معال ۔ دلمین غوطہ مارلا یا دُر لگال
کہ امام اعظم جہان کے رہنما ۔ حامی دین سالک راہ خدا
ہی کہاں سر مین اپنا اقتدار ۔ جو فضیلت کا کرون انکے شمار
ایکدن جاتے تھے کہین یک جا پر ۔ کھیلتے تھے راہ مین کئی یک پسر
ناگہان طفلان امام آتے ہین دیکھ ۔ پس لگے کہنے اپسمین یک سے ایک
ہی وہ مرشد پر شرف مقبول رب ۔ جاگتا ہی یاد حق مین رات سب
بات یہہ سنکر امام نامدار ۔ اسطرح دلمین کئے اپنے بچار
کہ مری تو اسطرح عادت نہین ۔ مین نہ کوئی رات بھی بیدار مین
یہہ بچے مجھہ پر گمان نیک رکھہ ۔ بولتے ہین اسطرح سے یک بیک
آج سے مین جاگنا کر اختیار ۔ یاد حق مین رات کو دیون گذار
کہ گمان نیک طفلونکا تمام ۔ راست کرنا مجھکو لازم ہی مدام
حقتعالی بھی مرے پر فضل کر ۔ راستی پر میرے تئین دیوے اجر
الغرض بعد از جسے چالیس سال ۔ کوئی شب سوئے نہین وہ باکمال
بھی عشا کے رکھہ وضو کو تا سحر ۔ صبح کے پڑھتے نماز ان خوبتر
رات اور دن تھے عبادت مین سدا ۔ یاد حق سے تھے نہین یکدن جدا
پس تجھے بھی ہی یقین جانا برابر ۔ مغفرت بھی چاہئے روز حشر
گوش کر اسبات کو تو بیدرنگ ۔ شمع پر طاعت کے جا مثل پتنگ
بندگی کر جب تلک ہی بندگی ۔ بندگی مین ہی تجھے فرخندگی
بندگی سے پھیر مت اپنی عنان ۔ بندگی کر جب تلک ہی تمین جان
حق تجھے پیدا کیا بندہ کیا ۔ بندگی سے دور مت ہو تو سدا
ماخلقت الجن والانس امر حق ۔ کیا تو قرآن پڑھا ہین وہ سبق
اپنی طاعت واسطے سبکو خدا ۔ یعنے جن و انس کو پیدا کیا
عبد ہی تو یاد کر معبود کو ۔ عبدیت سے پاویگا مقصود تو
پر کبھی طاعت اپر تکیہ نہ کر ۔ فضل و رحمت پر خدا کے رکھہ نظر

وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون

ساست

حکایت حضرت منصور عمار رحمۃ اللہ علیہ

جب گئے منصور عمار کرام ۔ چھوڑ کر دنیای فانی کا مقام
خواب مین کوئی خادم انکو دیکھ کر ۔ عرض انسے یون کیا ای نامور
بعد رحلت بول کیا ہی ماجرا ۔ حقتعالی نے ترے سے کیا کیا
پس دئے عمار نے اسکو جواب ۔ کہ جناب پاک سے آیا خطاب
عمر ستر سال مین تجھکو دیا ۔ بول اب تو کیا مری طاعت کیا
بس کیا مین عرض ای پروردگار ۔ حج کیا ہون با ادب چالیس بار
بعد ازان آیا مرے پر یہہ خطاب ۔ کوئی پیاسا تھا تشنہ لب ترے سے آب
تو دیا پانی اسے تاخیر کر ۔ بس ترے حج مین قبول ای مخبر

پھر کیا یون عرض مین ای ذو الجلال ۔ واسطے تیرے کرا ہون چند سال
پس دیا یون ہاتف غیبی ندا ۔ کہ تو یکدن اسپ کو چابک کیا
وہ یہودی کی زراعت کے اوپر ۔ جا پڑا گھوڑا ہوا اسکا ضرر
اس سبب تیرا غزا مقبول نین ۔ کہ ترا وہ فعل کچھ معقول نین
بعد ازان پھر مین کہا ای کردگار ۔ ختم قرآن بھی کیا ہون کی ہزار
حکم آیا ایکدن ای محترم ۔ تھا کلام اللہ طرف تیرا قدم
بے ادب ہونے سے تیرے ای فلان ۔ ختم تیرے مین ہوے مقبول یہان
پس کہا مین عاجزی سے ای خدا ۔ کہ تمامی عمر مین روزے رہا
پس خطاب آیا کہ دلمین یاد کر ۔ تھا تو بیٹھا ایکدن سفرے اوپر
نان جو اور نان گندم ای فلان ۔ تھے ترے سفرے پہ حاضر بیگمان
کوی بھوکھا تجھسے آسایل ہوا ۔ تو دیا نان جوین اسکو اٹھا
نان گندم آپ کھایا سربسر ۔ جو کی روٹی تو دیا خیرات کر
اس سبب سے عمر کے روزے ترے ۔ نین قبولا کہ نہین لایق مرے
پھر کیا مین عرض رو رو زار زار ۔ ای خدا دانا سے سر و آشکار
کہ تمامی عمر کی ہر شب تمام ۔ مین رہا بیدار تجھہ خاطر مدام
پھر دیا دین مجھکو ہاتف نے خبر ۔ کہ گیا تو ایک شب مسجد اندر
کوی فقیر ایک برہنہ شوریدہ حال ۔ سو رہا مسجد مین تھا ای باکمال
پاؤن سے آواز سے تیرے گر ۔ ہوگیا بیدار آنکھین کھول کر
پھر ترے خاطر پر آیا یہہ خیال ۔ کہ ہی طاعت مین تو بھی صاحب کمال
پس تری طاعت گئی برباد ہو ۔ عمر کی بیداری سب بے یاد ہوئ
ناگہان اس راہ مین ای باتمیز ۔ عمر کی ہی سب نمازان سے عزیز
جب عتاب حق سنا مین کان دھر ۔ گر پڑا سوز جگر سے آہ کر
تو ترا امید دل سے ایکبار ۔ اٹھ چلا دوزخ طرف مین زار زار
پھر ہوا صادر خطاب بے نیاز ۔ ای ملایک شیخ کو لے آؤ باز
دین مجھے دوزخ سے لیکے آئے پھر ۔ مین کہا یون پیش جناب کبریا
طاعت و اعمال میرے سربسر ۔ تو کیا رد انکو نامقبول کر
آہ سے حسرت کی دل اپنا جلا ۔ غم سے دوزخ کی طرف مین تھا چلا
بھی پھر الایا مجھے تو کیا سبب ۔ بھید یہہ سنا مجھے ہی بس عجب
تب بشارت کا دیا ہاتف خطاب ۔ کہ ہوا ہی فضل کا اب فتح باب
گرچہ نامقبول تھی تیری نماز ۔ فضل سے اپنے کیا ہون سرفراز
تجھکو اب بخشا ہون مین دار السلام ۔ جا فراغت سے تو رہ اسمین مدام
پس عبادت پر نہو ہرگز غرور ۔ تا نہو جاوے تو فضل حق سے دور
لیک طاعت مین رہا کو ہر زمان ۔ اور رکھہ امید حق سے ای فلان
بندگی بندہ کو ہی نت سازوار ۔ ہی اجابت لایق پروردگار

حکایت مردی بزرگ

یک جوان پرہیزگار و نیکنام ۔ ساکن شہر مدینہ تھا مدام
بھی رسول اللہ کا تھا ہمعصر ۔ باتمیز و باحیا عالی قدر
ایکدن خدمت مین پیغمبر کے آ ۔ باادب ہوکر ادب لایا بجا
پھر کہا ای پیشوا مرسلین ۔ پر شرف محبوب رب العلمین
شہر مین کرتا ہون مزدوری مدام ۔ سیم و زر لیتا ہون سب سے صبح و شام
باوجود اسکے میری گھر بیچ اب ۔ نین برکت اور ترقی کیا سبب
اسکو فرمایے پیمبر باصفا ۔ کیا نماز حق تو کرتا ہی ادا
وہ کہا ای حضرتا مین روز و شب ۔ ہون عبادتین خدا کی باادب
فضل سے حق کے زن و فرزند بھی ۔ طاعت حق سے نہین فارغ کبھی
مصطفی یہہ سنکے حیرتین رہے ۔ یکبیک جبرئیل نازل ہوکہے
ای نبی حق تم اوپر بولا سلام ۔ لطف فرما کر دیا ہی یہہ پیام
وہ جوان ہی نیکمرد اور باحیا ۔ بھی عبادتین بجا دایم بپا
لیک یکدن اسکے گھر کی راہ سے ۔ کوئی مرا تھا سو جنازہ لے گئے
بے نمازی کا جنازہ تھا مگر ۔ طاعت حق سے نہین تھا بہرہ ور

تا کہ ہانی چھاؤں اس تابوت کی / گھر پڑا اس مرد صالح پر یہی
ہوئے اس سایہ کی شامت کا اثر / گئی برکت گھر سے اسکے دور تر
پس رسول اللہ نے اس شخص سے / جو سنے جبریل سے تھے سو کہے
اور کہے پانی منگا کر صاف تر / دھو تمامی گھر کو اور دیوار و در
تا کہ اس سایہ کی شومیت پلید / جاوے گھر سے اور برکت ہو مزید
وہ جوان پارسا حکم رسول / جان اور دل سے کیا اپنے قبول
دھو دیا جب گھر کو اپنے اکبار / گئی نکل شومیت اسکی نابکار
پس نہیں طاعت سے بہتر کوئی چیز / بندگی ہی سب سے افضل العزیز
بندگی سے دل کو اپنے مت پھرا / جب تلک ہی تن کو جان کا آسرا
جگمیں سو سا چاہئے رنج و محن / عاقبت کل رنج ہی از بس کٹھن
فکر کر ہشیار ہو اسحاق اب / رہ خدا کی بندگی میں روز و شب
یاد کرکے سوزش روز حساب / کر تو اپنے چشم کو دریائے آب
یاد محشر سے نہو یکدم جدا / چشم گریاں رہیں کچھ ترس خدا

باب سوم — حکایت حضرت یحیی پیغمبر علیہ السلام — در ترس رب

شمع افروز شبستان سخن / بزم پیرائے روایات کہن
بات کا ایسا شمع روشن کیا / جس پر پروانہ دل ہو فدا
حضرت یحیی پیمبر روز و شب / دلمیں رکھتے تھے زیادہ ترس رب
ترس انکا گر کروں کچھ یک رقم / خوف سے ہو جاوے شق نوک قلم
یاد کر موت و حشر کا کاروبار / غم سے روتے زار جوں ابر بہار
اشک کا خنجر رواں رخسار پر / کٹ گیا تھا گوشت رخساروں اُپر
چشم سے لے تا دہن آنسون بل / زخم ہو کر دانت دستے تھے نکل
ایکدن ماں انکے جاکر حضور / رو کے بولے ای مری انکھوں کے نور
کہ اگر دیوے اجازت تو مجھے / ڈھانپتی ہوں منہ کے زخموں کو تیرے
پس کہے مادر کو وہ فرخندہ خو / دانت دستے ہیں تجے پوشیدہ کرو
مادر دل سوز اٹھ آئے وہیں / روئے زخم اوپر لگا ہیں یقین
یاد جب یحیی کئے خوف خدا / اشک انکھوں سے وہیں جاری ہوا
آب خموں پر ہوا جاری او دل / پنبہ پیوند تر ہو گئی نکل
باب ان کے ذکریا حق کے رسول / وحی کرتا تھا خدا جن پر نزول
وہ بھی اپنے دلمیں کچھ ترس خدا / رات دن دیتے تھے آنسو کو بہا
جب سر منبر پو ہوتے جلوہ گر / تا کریں عالم پو ظاہر خیر و شر
تب خدا کے قہر سے دلکو تاب / سارے عالم سے کہیں خوف عذاب
پیش و پس پہلے وہ کرتے تھے نظر / گر رہیں یحیی کسی جاے اُپر
حشر و دوزخ کا نہ کرتے کچھ بیان / بات دہشت کی نہ لاتے بر زبان
وعظ کہتے نرمی گفتار سے / بولتے فردوس کے اخبار سے
کیونکہ یحیی ہوش کھو بے آب و تاب / غش میں آتے گر سنیں خوف عذاب
ایکدن جو ذکریا منبر اُپر / وعظ کرنے جا بیٹھے ساری خلق پر
جمع آئے لوگ سب مسجد میان / باادب بیٹھے تھے ہر یک ایکسان
از قضا یحیی گئے تھے وہاں گذر / جا بیٹھے سب میں ہو پوشیدہ تر
ذکریا بولے دیکھو ای دوستان / ہی کہیں نور البصر میرا یہان
لوگ بولے ای رسول مفتخر / نیں ہو مسجد میں یحیی کا گذر
بھی نکر یہ بات باور ذکریا / ہر طرف دیکھے بچشم خود دکھا
جب اثر یحیی کا پایا نیں کہیں / اٹھ کے منبر پر کھڑے ہو گئے تو ہیں
وعظ کہنے کو لگے پر سوز و درد / کہ لئے دہشت دلوں میں فرد فرد
پھر کہے یا ایہا الناس اب سنو / گوش دل سے جان لو اس بات کو
کہ وحی سے حق کے جبرئیل امین / آئے تھے مجھ پاس از چرخ برین
لائے یوں درگاہ عزت سے پیام / تجھ سنو با ہوش کہتا ہوں تمام
کہ بنایا ہی خدا دوزخ اندر / آتشی کوہ نام ہی غضبان مگر
ایک شہر اس سے اگر آوے نکل / مشرق و مغرب تمامی جا جل

ذکریا فرماے جب یہ بات کہ
رعد کے مانند رو وین یکار
تلملاتے آہ کرتے زار زار
مچگیا مسجد مین غل اکبار
صبر کی کشتی کی لنگر ٹوٹ جا
بیحرکت نقش قالین کے مثال
بھی گلاب عطر استعمال کر
وین عیال انکے ہے نزدیک آ
ذکریا فرماے یحیی تلملا
غم سے رو رو چشم کو سیلاب کر
دلین آتش آب دیدون سے روان
کیون گیا تو چھوڑ مجھ بیمار کو
بولتے یون تین شب و تین روز
از قضا سہ روز بعد اک نشان
پس لگا کہنے نشان مین کالے روز
جب سنا مین اسطرح غمگین خروش
دیکھتا کیا ہون کہ ہی یک تنگ غار
جب سنی مادر نے تقریر نشان
بولتے ہین آکر زبان مثل تیغ
دیکھ یحیی مادر دلدار کو
بھی کہے ای مادر دلسوز من
خوب ہے کر مان کتین ابی رولاے
بھی زیادہ ان پر کر لطف و پیار
نان یک جو اور دل سوز نے
ہی قسم تجھکو رب معبود کی

جا لگی یحیی کے دل مین تیر ہو
ابر آنکھون سے کیے گوہر نثار
شہر چھوڑ کے لیکے جنگل مین قرار
ہوگیا ہوں قیامت آشکار
درد کے گرداب مین اچھال
تھے پڑے بر فرش ہو بی قیل وقال
چو طرف یکھتے از آئے گھر کر
ای رسول حق جہان کے پیشوا
کوہ وصحرا کی طرف جاتا رہا
کپڑے اپنے کرو سے تھے زر تر
خاک سر اور لبون پر تھا فغان
منتظر ہین چشم تجھ دیدار کو
کوہ وصحرا سب ہوندے با دردو سوز
بل ما سوس سے پوچھے اک جوان
تھا سنا آواز یک یا دردو سوز
درد کی دریا مین مارا دل جوش
اسمین ہے یک مرد روتا زار زار
دھونڈھ کہیچے مین یحیی جہان
واو ریغ ای کوہ غضبان وادریغ
سونس وشت بلاغم خوار کو
ہی مجھے اسبات سے رنج ومحن
کہ ملایک آسمان پر ہیچ کھاے
لیکر آئے گھر کو اپنے اکبار
لا رکھے یحیی نبی کے سامنے
تو اگر یہ کھتا ہی امید ہی

بار غم سے ہوگئے خم جو کمان
سر اپر سے خاک بار کے مثال
خلق بھی کرنے لگے شور وفغان
ذکریا پر بھی گئی رقت اثر
بے خودی کے حال سے وہ نامور
لوگ جو باہوش تھے انکو اٹھائے
بیخودیکا حال جب جاتا رہا
ہی کہان یحیی مرا لخت جگر
مادر دلسوز سنکر یہ جواب
پس چلے صحرا طرف ہو بیدرنگ
بولتے تھے ای مرے نور عین
یاد کر تجھ بدر سا روشن جمال
روبرو آوے اگر کوئی بشر
کوئی جوان روتا ہوا جنگل اندر
بولتا تھا اسطرح ای کبریا
آخرش مجھ مین نہین کچھ صبر
سخت حالت مین پس آوارگی
دیکھتے کیا ہین کہ یحیی زار زار
دیکھکر مان کے رہا نین دل مین تاب
پاؤن پر مان کی رکھے سر نامور
ہی قیامت کا مجھے از بسکہ ڈر
الغرض مان انکی کی یک طور سے
جب چھپا صحن فلک سے آفتاب
پس کہے ای بنت چشم روان
کر تناول اب تو یہ نان جوین

ناوک وحشت سے ہوگی ہے نشان
چھوڑ مسجد کو چلے وین ناگہان
کر ہو انعرون سے گوش آسمان
موج بحر غم مین تھے زیر و زبر
گر پڑے اوپر زمین کے بے جگر
چو طرف تکنے لگا یکجا اٹھاے
ہوش و گوش انکا جو تھا وہ آ رہا
دے بے مجھے احوال اسکے خبر
آتش ہجرت مین جل ہو گی کباب
شمع پر جیسا کہ ہوتا ہی پتنگ
دھونڈھتی ہون مین تجھے اے جان من
کھٹ گیا ہی تن مرا مثل ہلال
پوچھتے فرزند کی اس سے خبر
گر نظر آیا تجھے تو دے خبر
کوہ غضبان پر گذر کیون ہو مرا
پس گیا آواز آتی تھی جدھر
تھا نہ کوئی وہان تا کری غمخوارگی
سر پٹکتے ہین زمین پر آہ مار
برق مانند جا پڑے اپر شتاب
چشم سے جاری کئے خون جگر
کوہ غضبان سے بھی مجھکو ہی خطر
دے تسلی دلکو اس بیحور کے
رات کا پیدا ہوا سکین حجاب
راحت جان ثمرۂ باغ جنان
دور کر کچھ غم سے جان نازنین

بھی بدن سے پھینک پشمینی لباس — خواب کر آسودہ ہوا حق شناس
حکم سو جب بعد ازان یکجای پر — سو رہے تکیہ ایک ناخوف و خطر
حکم سے حق کے وہین جبریل آئے — پاؤن یحیی کا پکڑ کر کہہ ہلائے
السلام یا علیکی لا بجا — بھی سلام حق انہین پہنچا دیا
کہ مرے سے اور کچھہ بہتر ہی چیز — بس تو غافل سو رہا کیون ای عزیز
ہی قسم میری جلال و جاہ کی — میری عزت اور میری درگاہ کی
رونق و زینت کو اُسکی یاد کر — شوق ہوویگا تجھے شام و سحر
سو رہے از بسکہ ہوگا بیقرار — عمر سب روتا رہیگا زار زار
ہو گئے غلطان جگر سے آہ کر — نیم بسمل جون تڑپتے خاک پر
درد کی آتش مین جلبان جو چراغ — آہ کے شعلے سے دئیے دلکو داغ
الغرض پر درد با شور و فغان — شہر سے گئی جسطرح قالب سے جان
تا تسلی دیتے پھر اپنا پسر — لیکے آوین گھر کو اپنے ڈھونڈ کر
لیک یحیی گھر سے جب باہر ہوئے — برق کے مانند پنہان ہو گئے
عمر سب فرزند کے تھے یاد مین — کوئی دم مین جو نہ تھے فریاد مین
باوجود اُسکے جو تھے حق کے رسول — یاد کر قہر خدا کو تھے ملول
ایکساعت بھی کسی حالت اندر — نین تجھے قہر خدا سے دلمین ڈر
جب کہ ہو انصاف تیرا بال بال — غور کر تب ہوویگا کیا تیرا حال
کیون ہوا تو اسطرح سے مست خواب — بھول کر روز قیامت کا عذاب
گر ترا دل چاہئے دوزخ سے نجات — ترس حق رکھہ دلمین اپنے دن رات

گرچہ یحیی تھے بہت زار و ملول — لیک مادر کا کئے فرمان قبول
شب گذر جب صبح کا آیا نشان — ہو گئی شب دن کے پردہ مین نہان
ہو گئی ہشیار وین یحیی نبی — بس دئیے جبریل انکو آگہی
بعد ازان فرمائے جبریل امین — ای نبی بولا خدا تمکو یقین
کیون ہوا تو اسطرح سے مست خواب — بھول روز حشر کا سب رنج و تاب
تو اگر دیکھے مرے فردوس کو — ہوویگا از بسکہ خوش ای نیکخو
گر مرا دوزخ تجھے ای خواب مین — ہوویگا بیدار تو اور تاب مین
جب سنے یحیی نے اس پیغام کو — کھودئیے سب چین اور آرام کو
جبہ پشمینہ اپنا پہن لے — چھوڑ دیکر شہر اور گھر کو چلے
چشم تھے گویا دو کاریزے مثال — تھا روان خون جگر آشفتہ حال
مادر دل سوز مثل آفتاب — پیت پر فرزند کے دوڑی شتاب
گر نہ آوے تو بھلا دیدار ہو — دیکھ لون یکبار اُس دلدار کو
مہرور مادر رہا نہایت ڈھونڈ کر — عاقبت محروم ہو آئے مگر
ای دل گمراہ صد افسوس و آہ — دیکھہ اُس احوال پر کر تک نگاہ
تو گنہگار کثیف و بد خصال — معصیت تجھہ مین ہے ہر یکبال بال
آخرت کی کچھہ تجھے اندیش نین — کیا کریگا روز حشر درپیش مین
کیا رکھا ہی بول دستاویز تو — کسطرح ہوویگا عذر انگیز تو
جب ہیگا ہول محشر کا یون — ورق دل لرزیگا جون برگ سمن
ترس حق سے پیشوایان جہان — آگ پر سیماب جیسے تھے طپان

حکایت حضرت خواجہ حسن بصری رح

راوی دانا سخنور باتمیز — اسطرح لایا ہی یک نقل عزیز
کیا سبب ہو روز و شب یون اشکبار — مبتلا اور درد و غم ہو دل فگار
غنچہ لب آہ کے بار سے کھول — یون دئیے اسکو جواب صاف بول
باغ دلمین یاد دوزخ کا یون — کھولتا ہی غم کے غنچہ کا دہن
سوز دوزخ دلمین کرتا ہی گذر — خوف کی آتش مین جلتا ہی جگر

کوی حسن بصری سے بولا اہل دین — ای ولی حق امام المسلمین
ایکساعت بھی نہ دیکھا تمکو مین — کہ فراغت سے رہے خوشحال کین
کیا کہون مین ای عزیز دوستدار — جل مرا جس واسطے ہی زار زار
عیش کا ہوتا ہی گل روشن چراغ — شعلۂ غم دل پر دیتا ہی داغ
طور سیر ابر سا دن رات سے — برق دلمین چشم مین برسات سے

آتش دوزخ کبیر یہی عیان / سوز کا اسکی کرون گر مین بیان
تو بھی ہووے گا مرے مانند زار / سوز دل سے ناگہانی آہ مار
الغرض تھے زار و گریان روز و شب / نین ہے کوئی وقت اپنا کھولے لب
بعد ازان وہ مومنون کے پیشوا / سخت تر بیمار ہوگی از قضا
کوئی مرد نیک اپنے گھر سے چل / آئے انکے گھر عیادت کے بدل
دیکھتے کیا ہین حسن کا گھر ہی تر / بس کہے یہان آب تب بیٹھے ہین مگر
کوئی خادم شیخ کا انکو کہا / کہ نہین اس جائے پر پانی گرا
لیک اب شیخ جہان عالی وفا / آفتاب آسمان افتخار
آگ جلتی دیکھ چولے کے اندر / یاد دوزخ کو گئے ہین سر بسر
آہ کی ہو برق دلین شعلہ زن / چشم لاگے برسنے بادل نمن
یہان تلک روئے ہین وہ عالی مقام / ہوگیا ہی تر بتر یہ گھر تمام
غور کر اب لین تو ای ناسپاس / حوصلہ گر ہی تجھے کرے قیاس
تھے حسن بصری جہانمین ہو امام / جز رضا حق کے نین کوئی کام
بھی خدا کے قہر سے لرزان رہے / یاد کر دوزخ کو یون نالان رہے
تو رہا ہی شاد ہو یون کیا سبب / کیا ترے دل مین نہین کچھ ترس رب
بے محابا یہ ہوس لب کھول کر / ہی ترے آنے کا دوزخ منتظر
اشک کا پانی لیجا تو اپنے ساتھ / تا کہ دوزخ سے اتر تا ہو نجات
دہشت حق سے دل اپنا تو گلا / آب کی جا پر تو خون بہا

حکایت ابو موصل رحمتہ اللہ علیہ

راوی شیرین سخن روشن دماغ / یون روایت کا لگایا ہی چراغ
کہ ابو موصل ولی کبریا / جنکی عزت کو نہین ہی انتہا
تھے عبادت اور ریاضت مین مدام / کانپتے تھے ترس حق سے صبح و شام
ایکدن وہ صاحب دل پاکباز / باحضور قلب کرتے تھے نماز
یکبیک ترس خدا دل مین گذر / ہو گئی آنسو کی جاری دو نہر
مت تصور کر کہ آنسو آب تھا / آب نین وہ بلکہ خون ناب تھا
از قضا اسوقت کوئی انکا مرید / آکے دیکھا پیر کا رونا شدید
کہ چلا ہی خون آنکھو سے ابل / کانپتے ہین خوف سے اعضے بکل
یہان تلک وہ اشک پاسے دامن اتر / خاک پر بہتا چلا ہی جون نہر
دیکھکر یہ حال خادم پیر کا / دلین اپنے بس تعجب ہو رہا
جب فراغت شیخ پائے از نماز / عرض خادم نے کیا وہین پاکباز
واسطے حق کے نہ رو و زار زار / کہ نکلتی آنکھ سے لوہو کی دھار
شیخ بولے واسطہ حق کا اگر / مجھکو تو دیتا نہین تھا خوبتر
کہ ہوا ہین چند روز ای نیکخو / اشک میرے آب جا کر خون ہو
چشم دل سے یہہ مرے خون بار ہی / ایک مدت سے مرا یہہ کار ہی
کہ مجھے ہی ترس رب العالمین / اس سبب بہتا ہون مین خون نہین
قہر حق پر جبکہ کرتا ہون نگاہ / دل مرا جلتا ہی ہو پر سوز و آہ
خنجر غم سے جگر کٹ کر تمام / خون بہا جاتا ہی آنکھون سے مدام
الغرض سب عمر یون روتے رہے / رنج و محنت کا سبب ہو جا سہی
جب گئے دنیای فانی سے وفات / خواب مین کوئی انکو دیکھا ایک رات
پس کہا ای صاحب دل باکمال / کیا تمہارے سے کہا اب ذوالجلال
پس کہے رحمت کے لایق جو کہ تھا / سو مرے سے حق تعالی نے کیا
پھر کہا وہ مرد ای پیر کرام / واصل لطف خدا عالی مقام
عمر سب روتے رہے تم زار زار / کیا اجر اسکا دیا پروردگار
پس کہے جب چھوڑ دنیای دغل / روح میرا جا رہا تن سے نکل
عرش آگے لے گئے اسکو شتاب / پھر وہین یک غیب سے آیا خطاب
ای مرے پر ترس بندے باادب / عمر سب گریان ہا تو کیا سبب
پس کہا مین ای جناب باجلال / خوف تھا تیرا مجھے در کل حال
معصیت دیر مین اپنی کر نظر / ڈر سے روتا تھا ترے شام و سحر
پس جناب پاک سے آیا ندا / ای مرے مقبول بندے باوفا

عمر تیری جگ مین بھی چالیس سال — جز عبادت کے نہ تھا تجھکو خیال
روز نامیکو ترے افعال کے — لکھکے لائے جو ترے اعمال تھے

یک گنہ بھی تیرے نامیکے اندر — عمر بھر تیرے نہ آیا ہی نظر
اسطرح پائے نہ داوہ ذات پاک — جنکے دامن پر نہ تھی عصیان کی خاک

باوجود اسکی وہ تھے زار و نزار — تھا نہین یک آن آرام و قرار
حشر اور قہر خدا کر یاد یاد — خاک سر پر ڈالتے تھے مثل باد

خون دل آنکھون سے کرتے تھے روان — تھے ترستے آب بن جیسے ماہیان
دلکو اپنے تو جہان سے باندھکر — عمر سب عصیان مین کرتا ہی بسر

آتش دوزخ کی تجھکو فکر نہین — ترس حق سے دلمین پر ذکر نہین
بس تجھے کس طرح ہووے رستگار — خواب سے غفلت کے اب ہو ہوشیار

بارے وحشت سے بہت اپنی خطا — خرمن دل برق آہ سے دے جلا

حکایت حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ

ترس حق سے گر زبان کو شوق قلم — درد کا مارا ہی کاغذ پر رقم
کہ اسے سفیان ثوری نامور — پشت خم ہوگئی جوانی مین اگر

کوئی کہا انکو اے عالی مقام — قطب عالم مقتدائے خاص و عام
تجھہ پہ ایام جوانی ہی ہنوز — کیون ہوا ہی تو ابھی سے پشت کوز

بس کہے سفیان مرا تھا ایک پیر — عالم علم خدا روشن ضمیر
صاحب دل پاک نیت خوشخصال — عارف حق قطب دوران باکمال

ایکساعات اور دن مین کہین — یاد مین حق کے نہین تھے سوتے نہین
الغرض جب چھوڑکر تنگ قفس — مرغ جان کا کر گیا پرواز بس

تب سرہانے انکے تھا موجود مین — کھول آنکھین مجھکو بولے دیکھ دین
دیکھ سفیان ہی مرا کیا حال سخت — کسطرح آیا ہی مجھپر تنگ وقت

مین خدا کے لطف سے رکھہ دلمین آس — خلق کو دعوت کیا برس پچاس
خلق کتنے مین بتایا راست راہ — اور عبادت کو رکھا حق کے نگاہ

باوجود اسکے مجھے اسحال مین — لائے والے ہین کتنے جنجال مین
بولتے ہین سر پر تمین اسطرح — کہ تو نہین لایق ہی اس درگاہ کے

جا جہان جہتا ہی دل تیرا وہان — لے تو لینے ہاتھہ خواہش کی عنان
تجھکو اس درگاہ مین کچھ بار نہین — جا جدھر جہتا ترا ایمان کا زین

جب کیا مین سر پر یہ بات گوش — یکلیک مجھہ پشت سے نکلا خروش
اسقدر آواز تھا اسکا بلند — کہ نہ پہنچے اس اپر کوئی کمند

پشت خم ہوگئی مرے آواز سے — کو تراہون جب سے ای بھائی مرے
موم سا ہو آہ سوزان سے جگر — بہہ چلا آنکھون کی رہ سے ہو نہر

کیا کہون تجھکو ابا درد و غم — جسکے بوجھے سے گئی ہی پشت خم
ہی اثر اس حال کا دلمین ابھی — موت بن ہرگز نہ جاویگا کبھی

الغرض ہر روز و شب وہ نیکخو — زار تھے کر یاد حق کے قہر کو
کانپتے تھے بید لرزان کے مثال — اشک برساتے ابر کا لیکے حال

یہان تلک گل حول سے انکا جگر — خون سا بیتاب کر گئی ہین مگر
ہوگئے اس حول سے بیمار وین — تاب طاقت نہین ہی تھی تنمین

تھا گر اسکا ایک ترسا طبیب — ذی فہم صاحب خرد نادر عجیب
شیخ کا خون تاب قارورہ لیا — اسکو دکھلا سو وہ دیکھا بجا

غور کر تشخیص سے وہ ہوشیار — یون کہا سوز جگر سے آہ مار
اس جوان کے طبع مین کچھ نہین خلل — کوئی خلق کا نہین دستانین اصل

پر ہی اسمین خوف کا مرض شدید — مرض کو اسکے نہین صحت مدید
شعلہ زن ہی سوزش ترس خدا — جس کے باعث ہی جگر اسکا گلا

بول اتنی بات وہ دانا طبیب — خاک پر غلطان ہوا رحمت نصیب
عاقبت کچھ دلمین ترس کبریا — پاہدایت کو مسلمان ہوگیا

ای مسلمانو دیکھو اندیش کر — عاقبت کی فکر کچھ پیش کر
چھوڑ کر آبا دہ ترسائی طریق — خوف سے پایا مسلمانی طریق

قہر حق سے دلین اُنکے ہو اثر | دین و ملت گیا ایے گذر | پس مسلمانون کتین اب ہی ضرور | کہ نرکھین ترس حق سے دلکو دور

آہ کے شعلے سے دلکتین جلائیز | شمع مانند انکھ سے آنسو بہائین | غم سے ہونا پشت خم مثل ہلال | عاقبت ہو جائین جون بدر کمال

دلین کر یاد گناہونکا حساب | تا نپاوین روز محشر مین عذاب

حکایت حضرت زید بن جمہ رحمۃ اللہ علیہ

نقل ہے اگلستان سخن | یون حکایت کا لگا یا سرو بن | تھی کوئی یک زید بن جمہ ثمر | اہل دل پاکیزہ طینت باخبر

ایکدن مجلس مین تھے وہ نیکخو | دست بستہ لوگ تھے سب روبرو | ناگہان انکو کہا ای یاران مرے | دوستان دلبند غم خواران مرے

اسطرح آیا مرے دلین خیال | کہ ہوے ہیں مرے عمر کے سٹ سال | مجھ سے ہر یکدن ہوا ہی یک گناہ | کسطرح ہو وونجہ اسے عذر خواہ

حال میرا کسطرح روز حشر | ہووے گا سو ہی مجھے اسکا خطر | دیونگا مین کسطرح اپنا حساب | دیونگا اپنی جرم کا کیونکر جواب

بس مجھے اب غم سے رہنا زار زار | خوب ہی مین تو رہونگا شرمسار | بس لگے رونے کو سر پر مار ہاتھ | چشم کو باہم کئے نیسان کے ساتھ

دُر غلطان کی طرح غلطان ہوے | غم سے جون سیماب سرگردان ہوے | سوز کا انکے سنے آواز جب | روئے دیوار و در یکبار سب

یہان تلک رو کر ہو گئی بیخود | بس ہوے بیخود نجا عقل و ہوش | یارب دیکھیہ انکتین بے ہوش و تاب | بے صبر ہو دوڑ آئے وین شتاب

جا کے جب نزدیک دیکھے کر نظر | سخت دہشت قہر حق کا تھا اثر | علم سے حق کے انکو روح پاک | جار ہا تھا از تن آلودہ خاک

اڑ گیا پرواز ہو جان کا نسیم | یاد کر اپنا گلستان قدیم | یارب اس واقعہ سے تلملے | شمع اور جیسا پروانہ جلے

خواب مین کوئی انکو دیکھا بعد ازان | یون کہا انکو کہ ای شمع جہان | تم کئے ترس خدا اے جان فدا | پس خدا تم سے کہو کیا کیا کیا

یون کہے مجھکو خدا مہربان | ایک عالم کے ہے آباد رمیان | پس لیا ہر یک کا انکا حساب | لیک ہرگز نہین کیا مجھ پر عتاب

ہو تعجب مین کہا ای کردگار | کل شی کا خالق و پروردگار | کیا سبب مجھ پر کیا نہین کچھ خطاب | بھی نہین پوچھا مرے سے کچھ حساب

پس جناب پاک سے آیا ندا | نہین ترے پر کچھ حساب ہی یادفا | تو حساب اپنا دیا جگین تمام | کیا حساب آخرت سے تجھکو کام

ہی حساب اسکو جو کوئی نا سمجھا | مین کیا اپنے گناہونکا شمار | خواب غفلتین جو کھویا ہی عمر | ہی حساب اُسکا نپٹ بس سخت تر

تو رہے ذرہ برس کے ہی مار زوار | ہی وہی سیر تہین دار القرار | ای دل اس تقریر کو تو گوش کر | خواب غفلت مین نکھوا ہی عمر

مرد ہو اسطرح ہے زبان فدا | ورنہ بار ہے اشک جاری کر سدا | یاد کر اپنے گناہان بار بار | آہ کرتا سر پہ اپنے ہاتھ مار

عجز اور زاری ہوے عذر خواہ | تا کرم سے حق تیرا بخشے گناہ | جب تلک ہی آب ہو سکا غبار | کہ نہین جنت مین آلودہ کو بار

بھول بیٹھا ہے عذاب حشر کو | ہی کتھہ وہ سبیل امت جان تو | جسکی دہشت سے خدا کے دوستان | مبتلا اور وہ تھے باسوز جان

حکایت حضرت بو عبیدہ صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نقل کرتے ہین کہ پیغمبر کے یار | نام جنکا بو عبیدہ آشکار | دس مبشر سے ہین وہ عالی جناب | مغفرت کا جنکو آیا ہی خطاب

باوجود مغفرت وہ پاک ذات | دلین اپنے غم سے روتے دن رات | بولتے تھے وہ ہمیشہ ای خدا | گوسفند کر مجھکو نہین پیدا کیا

کاشکے مین گوسفند ہوتا اگر / خلق کھاتے گوش میرا کاٹ کر
تاوہان محشر مین ہوشیار مین / قبر سے اتھتا نہ زنہار مین

بھی دیتا حق تعالی کو جواب / دور رہتا مجھ سے محشر کا عذاب
گوش کر تجھہ ای ای غافل نہاد / آخرت کے روز کو کر لین یاد

جو کہ تھے آزاد تھا انکو خطر / ہی تعجب نین ترے کچھ دلین پر
فیصلہ کرکے یہان اپنا حساب / حشر کا دشوار ہی رنج و عذاب

نین حساب و رنج محشر سہل تر / ہی بہت دشوار تر اور پرخطر
ہو ویگا انصاف وہان جب بال بال / ہی نہایت سخت پھر چھٹنا محال

حکایت حضرت امیر المومنین حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ

راوی شیرین سخن شکر بیان / اسطرح لایا حکایت درمیان
کہ امیر المومنین عادل عمر / والی منبر امیر بحر و بر

دن تمامی تھے کرمجلس اندر / امر و نہی سے خلق کو کرتے خبر
خلق سے کرتے بیان ترس عذاب / اور رکھتے جو کہ ہی راہ صواب

رات کو بیدار رہتے تا سحر / کوچہ و بازار پھرتے ہر کدہر
چور کو پاتے اگر کوی جای پر / باندہتے اسکو کرکے اینچ کر

مال چوریکا اگر پاتے ورا / جان سے لاتا وہان لیجاتے پھرا
پھر کسیکو دیکھتے کوی جای پر / کار پہوی یہ باندہا ہی کمر

بس چھڑاتے اُس سے کار ناصواب / دور کرتے اُس سے گمراہی شتاب
ناگہان کوی راستے پر آگیا / جا رہے تھے دوڑتے بے اختیار

دیکھ کر کوی شخص ایک تین کہا / ٹھیرو ای جانشین مصطفی
کاہیکے خاطر ہو لستے بیقرار / دوڑتے جاتے ہو تنہا اکیلا

رنج فرماتے ہو کس کوچے طرف / کس مین کو آج ہی اتنا شرف
تب کہے سالار عادل حق پسند / گم ہی بیت المال یک گوسپند

ڈہونڈہتے جاتا ہون اسکو ادہر / گر ملے لاؤن اُسے مین قید کر
پس کہا وہ یا امیر المومنین / روشنی شمع ختم المرسلین

کیا نہین تھا کوی دوسرا در حضور / جو چلے جاتے ہو آپ با الضرور
بس کہے ہی مجھہ خدا کا دل مین ڈر / کرگیا مجھ کو امیر عالم اگر

تار ہون سب خلق ریوپاسبان / تا نہ دیوے کوی کسیکو رنج و زیان
ایکساعت گر رہون مین بیخبر / ہی مجھے مشکل حساب روز حشر

کسطرح دیون خدا کو تین جواب / وہ ہر یک فرد کا لیویگا حساب
ضرورت ہی کہ مین وہ گوسپند / قید کر لاؤن اسے ای ارجمند

بعد ازان یکسات کین انکا لباس / خواب مین دیکھا پدر کو پھر نظر
باندہکر دامن کمر سے ہو شتاب / دوڑتے جاتے مین ویرا ضطراب

پس کہے ای باپ مین مشتاق مین / ہو گئے تجھہ دو ریکا تابنین
تجھہ کو تھے ہو تا کرو مین تجھسے بات / آرزو ہی بات کرنا تیرے ساتھ

پس کہے فرزند کو ای خوش سیر / کہ نہین فرصت مجھے اسوقت پر
مین چھوتا دوزخ آب ای نیکبخت / چھوڑ دے تجھ سے لوگا اور وقت

پس کہا فرزند نے ای پدر / تم تو امر حق پہ تھے شام و سحر
پھر کیے تم خلق پر ایسی عدل / نین عدل مین تھا کوئی بدل

آتش دوزخ سے تمکو کیا ہی کام / ہی فلک سے انکار پر مقام
پس کہے مجھکو فرشتے ای پسر / لگئے تھے اب لب دوزخ پر

پھر کئے مجھ پر بعدی خطاب / بادشاہی کا تو اپنے دے حساب
تو رعیت پر کیا ہی جو عمل / دیکھنا اسکا تمام ای ذی عمل

نیک بدکا بیان کر یہان تمام / کہ تجھے شاہی کا تھا جگین مقام
پھر کہے تجھہ ملک مین تھے جزو کل / کیون کیا ویران فلانہ ہون پل

کہ تھا اُس پل کے کسی جا اندر / ایک روزن ہو شکستہ پل مگر
پاؤن بکریکا پھنس اُسکے درمیان / ٹوٹ جاتے ہوا اُسکا زیان

پاسبان آکر تجھکو بھیجا تھا خدا / بیخبر تو خلق سے پھر کیون ہوا
پس ہوا معلوم اس تقریر پر / کہ جہنا عاقبت ہی سخت بر

ت تصور کرو وہی آتش نصاب
کہ تو جھونکا جاوے محشر بے حساب

فکر کرتا رہ کہ سخت یک روز ہے
روز میں بر آفت جان سوز ہی

آہ کرتا رہ ہمیشہ دردناک
غم کی خنجر سے کیا کر سینہ چاک

عیش مت کر کہ خوشی کا نہیں محل
سر پہ ہی تیرے علم تیغ اجل

گریہ اور زاری سے رکھ پیوندگی
تا میسر ہووے تجھے نت خندگی

حکایت حضرت علی سہلی رحمتہ اللہ علیہ

اسطرح شاطر و دانای کار
بات کی محبوب کو لای سزاوار

کہ علی بن سہلی روشن ضمیر
صاحب عرفان و ولی حق پذیر

خوف حق سے سرنگون چالیس سال
بار غم سے پشت خم تھی جون ہلال

نہیں دیکھے تھے آسمان پر کر نظر
بھی ہنسے نہیں کھول لب ساری عمر

چشم تر تھے اشک سے ہر ایک آن
نہیں سکاے چشم تھا جب تک کہ جان

جب گرجتا یا چمکتی برق گر
یا برستا آب شدت سے ابر

بس وہ ہیں وحشت سے جاتے تھے اچھل
ہفت اعضے کانپ جاتے اور بکل

بیٹھتے گاہے کبھو کرتے قیام
ہوش کھوتے نوش کر حیرت کا جام

کانپتے دہشت سے جون برگ درخت
اشک بیتین کر جگر کو لخت لخت

بولتے پھر دل میں ہے رنج و الم
خلق کو جو پہنچتا ہر ایک دم

ہی گناہوں کی مری شامت تمام
میں مرون تو انکو ہووے راحت تمام

میں ہوں عاصی سارے عالم سے خراب
خلق پر شومی سے ہی میرے عذاب

وہ گنہ جب انکا ہوتا عمل
زار روتے شمع مانند غم سے جل

بولتے گر آپ اپنے پر خطاب
ای تن کاہل نہو مست خواب

جو کہ آوے قید ہستی کے اندر
ہی آگے شعلہ دوزخ پر گذر

ہیں بنی آدم کتین دشمن زیاد
موت تک اسکے وے کرتے ہیں فساد

دشمنی سے انکی بت رہ ہوشیار
بیخبر مت ہو کہ ہوگا خوار زار

یاد کر جب روز محشر آئیگا
تخت پر قاضی ہو بیٹھیگا خدا

ہوئیگا اُس روز انصاف و عدل
تو حساب اپنا بنا رکھ ای غفل

بھول جاویگا اگر اپنا حساب
کیا دیویگا حقتعالی کو جواب

گر لجاوینگے تجھے سیدھی طرف
ہی تجھے حاصل رہے عز و شرف

گر طرف داونے کے تجھکو چلیں
تو لجا ڈالیں تیرے تین آگ میں

بولکر آخر کے تین یک آہ کر
درد اور رقت سے روتے تا سحر

اسطرح رنجور تھے و رات دن
عیش کچھ پایا نہیں تھے جز محن

ایکدن انکی زیارت کے بدل
آے تھے کوی شخص اپنے گھر سے چل

دیکھے کیا ہیں کہ انکی آس پاس
تھا گرا پانی وضو کا کر قیاس

باہر آ پوچھے کسے کے نہیں مگر
کیا وضو حضرت کئے گھر کے اندر

وہ کہا ہی شیخ رو رو کر یقین
اشک جاری کر بھگوے ہیں زمین

کوی گرائے آب نہیں اس جا پر
شیخ کے ہی اشک سے یہ جای تر

الغرض جب چھوڑ دنیاے خراب
رحمت حق سے ہوے ہیں کامیاب

کوی انکو خواب میں دیکھا اگر
یون کہا ہی ای بزرگ نامور

کیا کیا تم سے کریم کارساز
راز کے صندوق کا کر قفل باز

بس کہے ہنستے ہوای دوستدار
حق ہوا مجھ جرم کا آمرزگار

فضل سے اپنے کیا مجھ پر نگاہ
لطف سے بخشا مرے سارے گناہ

پھر کہا وہ شخص تم ساری عمر
نہیں ہنسے خوش ہو کبھی لب کھولکر

خوف سے روتے ہمیشہ تلملا
کیا نتیجہ آپکو اُس سے ملا

بس کہے دنیا ہے دنیا میں ہمیش
آج مجھکو ہی میسر فرح و عیش

جب تلک رویا نہیں ابر بہار
پھول کب ہنستا ہی گلشن کے مجھار

مثل غنچہ گرچہ تھا میں تنگدل
آج ہنستا ہوں مثال پھول کھل

بس تو ای دل موج مانند کر خروش
آئیگا دریاے بخشایش کو جوش

اپنے مانند بنت اشکبار
حشر میں خندان رہے تو جون بہار

آتش غم سے مثال شمع جل
قہر سے خورشید سا آوے نکل

عاقبت کو یاد رکھ اپنے مدام
مست مت ہو نوش کر غفلت کا جام
حشر و وقت نزع کو کر لے قیاس
قبر کی تنگی سے رکھ دل میں ہراس

حکایت حضرت مالک دینار رحمۃ اللہ علیہ

راوی اخبار پیشین از زبان
یوں کیا ہے اس حکایت کا بیان
مالک دینار مقبول خدا
روشنی شمع فانوس حیا

ایکدن کہیں آئے قبرستان میں
بھیڑ تھی لوگوں کی اس میدان میں
کہ کسی مرد کو مل سب دے کفن
قبر کھود اسکا کرتے تھے دفن

بس گئے مالک وہیں نزدیک تر
گور میں مردے کو دیکھے بھر نظر
غم ہوا رونے لگے بس زار زار
اشک بہتے جسطرح ابر بہار

یہاں تلک کہ ہوش کھو کر گر پڑے
لوگ بھی حیران تھے جو تھے کھڑے
بیخودی کے حال میں وہ نامور
گر پڑے اس گور میں یکبار آہ کر

لوگ جب مالک کہیں بیہوش پائے
قبر سے باہر سبوں نے مل کے لائے
پھر وہاں سے گھر کو ان کو لے گئے
ایک ساعت بیخودی میں وے رہے

جبکہ مالک حالت اصلی پر آئے
کھول آنکھیں چو طرف اپنی نگاہے
پس کہے افسوس اے خلق خدا
مجھکو دیوانہ نکرتے جابجا

بھی تہ مارتے طفلان تمام
کر کے غل چو طرف سے وے نیکنام
غم سے کرتا میں لباس اپنا سیاہ
خاک سر پر ڈالتا با سوز و آہ

اور منش یاد ہر کوچے میں جا
اسطرح سے بولتا پھرتا صدا
اے مسلمانو خدا سے کچھ ڈرو
آتش دوزخ سے عبرت کچھ دھرو

مت کرو فرمان کو حق کے عدول
بھی قبولو جو ہیں احکام رسول
جرم اور عصیان سے ہو جاؤ گریز
خوف سے حق کے رہو نت اشک ریز

وقت رحلت جب ہوا نزدیک تر
سخت تر بیمار ہو گئی سر بسر
پس مریدان کو کہے سارے بلا
ملک وصیت ہے مری لاؤ بجا

کہ لکھو میری پیشانی کے اوپر
پر گناہ ہے مالک دینار کر
اور رسی باندھ کر بازو پہ یک
کھینچے لیجاؤ دفن کی جا تک

جسطرح بھاگے نفر کو باندھ کر
کھینچ لیجاتے ہیں بس صاحب کے گھر
بولکر اسطرح سے رونے لگے
اشک سے رخسار کو دھونے لگے

غیب سے ویسے میں آیا یک ندا
سب سنے ہیں کان بھر خلق خدا

الآن یحیی مالکؒ

یعنے مالک کو ہوئی ہے اب نجات
ملک راحت پر لکھی اسکی برات
پس میں مالک نے انگلی کو کھڑے
کھول لب کلمہ شہادت کا پڑھے

پھر کہے یہ قالب خاکی رہا
جو اسے چاہو سو کر لو ہے روا
بول اتنا خلق سے وے پاکباز
جان جانان کو کئے اپنا نیاز

اے دل اب تو کچھ لے دلیں عار
دوستی میں دوست کے کر جان نثار
ترس حق کا گر ترے میں ہے اثر
بس ترے پاس میں جان کی قدر

جان ہے لگ کر گنہ سے عذر خواہ
تا کرم سے حق ترے بخشے گناہ
یاد کر اپنے گناہاں ہو خجل
آنکھ سے اپنی رواں کر خون دل

ترس سے حق کے تو رو اے جان بن
ابر کے مانند رکھ جاری نین
دہشت حق میں رہے تو مبتلا
دل کے آئینے کو ہے اس سے جلا

ایک آنسو گر نکالے آہ مار
دھو جاویں گے گنہ لاکھوں ہزار
اشک سے رکھ تازہ تر غم کا چمن
آہ کا اکسیر رواں کر نت یوں

تا کرے گی تجھ اوپر آتش اثر
جوں خلیل اللہ پر تھی سرد تر
عاصی اسحاق کے دلیں صدا
خوف دے تجھ قہر کا اے کبریا

چشم اسکی اشک ریزاں کر مدام
دے تحمل میں اسے نسدن مقام
حلم میں کچھ بست اسکو مثل خاک
تا رہے وہ خاک سے عصیاں کے پاک

ہے تحمل میوہ شاخ یقین
حلم اور برداشت میں تھے اہل دین

باب چہارم در تحمل

حکایت حضرت امیر المؤمنین عمر ابن الخطاب رض

تھا جو کوئی ملک و لایت کا مقیم
ناقلوں کی بزم کا وہ تھا ندیم
یوں لے آیا ہی روایت باصفا
جس سے آئینہ کو ملتی ہو جلا

کہ امیر المؤمنین عادل عمر
تنگ یک رستے سے جاتے تھے مگر
از قضا ایک بے ادب ہو کر گدا
یک بیک اس راہ میں پیدا ہوا

پاؤں کیں حضرت کا اسکو بے خبر
پشت پا پر جا رہا اسکے مگر
پس ہوا رنجیدہ خاطر وہ عزیز
دوست اور دشمن میں نا کر کچھ تمیز

یوں لگا کہنے کتیں ہو بے جگر
کیا ہوا اندھا تو اب ای بے بصر
راستہ سیدھا تو اپنا چھوڑ کر
بے خبر گرتا ہی کیوں لوگوں اپر

گوش کر اس بات کو مقبول حق
نیں ہوے آزردہ دلیں یکرق
عذر خواہی نیت درویش نے
ہاتھ اسکا لیکے آنکھوں کو لگائے

بھی کہے اندھا نہیں ہوں ای عزیز
ہی فراز و پست کی مجھکو تمیز
لیک مجھ سے ہو گئی ہی اب خطا
بخش دے میری خطا تو ای گدا

گر بزرگی پر بزرگوں کی نظر
کس طرح منصف ہوے عادل عمر
گر تجھے بھی ہی بزرگی کی ہوس
ہو تحمل سے ہمیشہ ہم نفس

حکایت حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ

یک معما کوئی کہا پیش علی
تا معما ہو وے اپنا منجلی
صاحب انصاف عالم کے امیر
اسکو فرماے جواب دلپذیر

دوسرا بولا از اہل انجمن
اسطرح نیں ہی سخن یا بو الحسن
شاہ مرداں اس سخن کو گوش کر
نیں ہوے رنجیدہ خاطر بال بھر

اسکو نرمی سے کہے ای باصواب
بولئے کوئی اور ہو بہتر جواب
وہ جواں جو جانتا تھا سو کہا
سنکے فرمائے علی مرتضیٰ

مرحبا ہی مرحبا ای ہوشمند
ہی ہی اسکا جواب دل پسند
بات یہ بہتر ہی تیری با صواب
جو کہا میں سو خطا تھی ناصواب

دیکھ ای غافل یہاں کر ٹک نظر
تھے بزرگاں کس طرح انصاف پر
بول اب تیریں کیا انصاف ہی
جب بزرگی کا تیریں لاف ہی

حلم اور برداشت میں ہو استوار
تب تجھے ہووے بزرگی سازوار
جوش مت کھا گر تجھے پہنچے ضرر
مہر سے رکھ دوست دشمن پر نظر

حکایت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ

راوی اخبار با صدق و فرح
کارفرما یا قلم کو اسطرح
کہ رسول اللہ کے روشن نین
صاحب اعجاز و شمع انجمن

آفتاب آسمان منجلی
مہ جبین ابرو ہلال ابن علی
سرور عالم امیر و داد گر
حضرت خاتون کے لخت جگر

برگزیدہ حضرت رب الجلیل
خادمی جنکی کئے ہیں جبرئیل
در گوش مصطفیٰ یعنی حسن
سبز دستار و زمرد پیرہن

دشمنوں کے ظلم سے رنجور تھے
بھی خدا کے ذکر سے معمور تھے
ہی روایت یوں کہ ملکر حاسداں
جو سراپا دین کے تھے فاسداں

ذات کامل پر ظلم کر اختیار
زہر قاتل لا پلاے پانچ بار
فضل رب العالمین سے کچھ اثر
نیں کیا سلطان عالم کے اوپر

بار ششم جب زہر کاری دئے
دین پیغمبر کی خونخواری کئے
حکم حق سے زہر کا ہوکر اثر
پارہ پارہ ہو گیا کٹ کر جگر

بیقراری سے نیت شاہ جہاں
آہ کرتے تھے زمیں پر ہو طپاں
لوٹتے تھے در غلطاں بے شمار
لیک جز شکر خدا نیں تھا مقال

جب ہوے وہ ذات گرامی جاں بلب
غل اٹھا کل کے اہل بیت سب
درد سے حضرت کے رو رو تلملا
اشک سے رخسار کو اپنے بھگائے

پس حسین ابن علی عالی وقار
پاس آئے بھائی کے ہو زار زار
بھائی سے بولے ہیں یوں [illegible]
ای گل سیراب باغ مصطفیٰ

گر ترے قاتل سے ہی تجھکو خبر
مجھکو بس گمراہ سے آگاہ کر
تا کرون تجھ حلم سے اسکو طلب
بھی کرون دریافت کینے کا سبب

مقتدائے خلق میر پاک خو
بھائی کے اپنے سنتے وہ گفتگو
پس کہے ای بھائی پر عز و وقار
اُس سے میرے دلمین ہے از بسکہ عار

مصطفی ساجد ہمارا پاک ہی
شان مین جسکی ثنا لولاک ہی
ہی تحمل کا ہمارا سلسلا
رنج سہنا ہی ہمارے تین بھلا

پس کہو مین کسطرح غماز ہو
یکبیک سب عادت اجداد کھو
چھوڑ دینا بہتر اُس بیداد کو
پس یہی حق مین ہمارے خوب ہو

جانتا ہون مین زہر مجھکو دیا
لیک کہنا تجھکو ہرگز نہین روا
اُس سے روز حشر مین پروردگار
مجھکو بخشیگا کرم سے ایکبار

جو دیا ہی آج مجھکو یہ زہر
کرلیگا مجھ سے داد روز حشر
لطف سے پکڑ دیگا اسکا ہات مین ہات
جاونگا جنت مین لیکر اپنے سات

اسطرح سے دوستداران خدا
دشمنون سے لطف کرتے ہین سدا
اسقدر برداشت اور کتنا کرم
عذر کرکے دلین لیتا ہی شرم

پر شرف جو دین کے ارکان تھے
اسطرح سے رنج اور آفت سہے
حلم اور برداشت مین ہین الفلان
تا ملے تجھکو بزرگی کا مکان

بزرگان جب تک تحمل مین گئے
تب تلک مقبول حق مین ہوئے

حکایت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

راوی کاتب صفت شیرین رقم
یون روان کرتا ہی کاغذ پر قلم
کہ امامت کے صحن کے شہسوار
بے خزان باغ ولایت کے بہار

شمع افروز شبستان رسول
روشنی دیدۂ جان بتول
نیّر برج سموات علا
بدر اوج آسمان کربلا

جنکے ماتم سے خمیدہ ہی ہلال
چرخ کا چہرہ شفق کے خون سے لال
واقف اسرار مخفی و جلی
صابر محنت حسین ابن علی

عزت و حرمت سے اور با افتخار
ایک کوچے سے چلے تھے ایکبار
چار سو تھے یار ہمرہ محتشم
باادب ہو سات انکے ہمقدم

پاؤن جان رکھتے تھے جون رگ سر
خار و خس پاتے تھے اعزاز جز
اسطرح یارون مین تھے وہ نامور
جسطرح تارون مین ہوتا ہی قمر

ناگہان رستے مین اگر کوئی عرب
دیکھکر کہنے لگا ہو بے ادب
کون ہی یہ شخص جو اس شان سے
خوش چلا جاتا ہی اتنی آن سے

کوئی کہا اسکو محبت پر قدر
یہ حسین ابن علی ہی نامور
تازہ گل باغ شہ غالب ہی
ابن زادہ خاص بوطالب ہی

پس عرب مین آ شہ عالم کے پاس
ہو مقابل شوخیت سے بے ہراس
بے ادب ہو کر بہت وہ ناپسند
اسطرح بولا با آواز بلند

کیا ابوطالب کا ہی پوتا
پس کہے حضرت یقین جو تو کہا
پھر کہا گستاخ ہو کر بے ادب
تو حسینا ہی بچھانا تجھکو اب

باپ تیرا ظالم و خونریز تھا
فتنہ گر تھا ہی فساد انگیز تھا
ظالمی سے باپ تھا تیرا انشر
تھا بندھا مردم کشی پر نت کمر

تو پسر ہی ویسے خلق آزار کا
ظالم مردم کش خونخوار کا
عبد رحمان اور عبد اللہ کو
نین رہا کچھ صبر انہین ایک مو

ہانک مارے کھاکے اسپر دلین جوش
ای باغ خام سفر سنگ ہوش
یہ نواسہ ہی رسول اللہ کا
نین شمار اسکی جلال و جاہ کا

کچھ خدا سے ادلین ڈر ای بدمزاج
یہ نبیرۂ مصطفی بیشک ہی آج
داب و رعونت سے زور اسپر چلا
چاہتے تھے اسکین دیوے سزا

لیکن وہ صاحب تحمل پر قدر
اس عرب کی ایسی بے ادبی پر
کر تبسم مثل گل کے مسکرائے
اپنے دو یاروں سے اسکو بچائے

نین لئے خاطر اپر آزردگی
تلخ تر باتون سے کچھ افسردگی
پس کہے نرمی سے اسکو جوان
کچھ رہے حاجت تجھے تو کر بیان

یا میرے سے تجھکو پہنچا ہی ضرر
یا ترا کچھ قرض ہی میرے اوپر

ناکرو ہیں قرض کو تیرے ادا
نا رکھونگا میں تغافل کو روا

یا کیا عورت سے اپنی گھر میں جنگ
چل ترے گھر کو میں اگر ہے بدرنگ

یا تجھے خشکی ہی پیدا در دماغ
یا بجا ہی عقل کا تیرے چراغ

جب عرب یہ کر لیا تقریر گوش
ہو کے حیران کھو دیا سب عقل و ہوش

نین تھی ہرگز میرے تن اتنی خبر
جو تیرے میں ہی تحمل اسقدر

میری بی ادبی اوپر مت کر نگاہ
لطف سے اب بخشیو میرا گناہ

شاہ عالم نے اٹھا کر اسکا سر
سینۂ اشرف سے لاے کھینچکر

ظلم کا ہر چند گر بارا پچلے
کان ہی ہمکو وہ سبجو تنک ہلے

ہو تحمل سے ہمیشہ بردبار
ہوئیگا جنت میں تو عالی تبار

یا تیرے جد و پدر سے کچھ تجھے
رنج پہنچا ہو تو مجھ سے بول دے

رنج کا ہی گر تیرے دل میں غبار
لے ابھی جتنا مجھے چاہی مار

صلح کرتا ہوں تمہارے درمیان
جنگ سے بہتر ہی صلح مومنان

بول مجھکو تا حکیموں کو بلا
درد کی تیرے دلاتا ہوں دوا

پس کہا رو کے ای چشم بتول
سبزۂ ریحان گلزار رسول

ہی یقین تو آل پاک مصطفی
ہی بجا تجھکو شرف ای با صفا

اسطرح سے بول روتا زار زار
سر رکھا قدموں اوپر ہو خاکسار

بھی کہے ہم ہیں تحمل کے بہار
استقامت کا قدم رکھے ہیں گار

کیا تو سمجھا ہوش ہی تیری کدھر
گر بزرگی پر بزرگان کی نظر

بے ادب کو بھی نہ پہنچا کچھ اذا
کم تجھے بھی لطف سے بخشے خدا

دوستوں پر ہر کسی کا ہی کرم
دشمنان پر بزرگوں کا ہی کرم

حکایت حضرت امام اعظم کوفی رحمۃ اللہ علیہ

راوی دانای اخبار و خبیر
اسطرح بولا حکایت دل پذیر

ایکدن وہ صاحب عز و شرف
چل کے جاتے تھے کسی کوچے طرف

بس امام المومنین اس ضرب سے
سرنگون مانند خامہ ہو گئے

قہر و غصے سے نہ دیکھے اس اوپر
بلکہ دیکھے کر شفقت کی نظر

میں قوی تر ہوں تیرے سے زور میں
مار سکتا ہوں تجھے ہر طور میں

پاس حاکم کے مجھے تعظیم ہے
عزت و حرمت ہی اور تکریم ہی

کام یہ بھی تیں نے مجھے ناپسند
ناکرونگا کام یہ ای ارجمند

قہر کے بارے سے وہ معبود پاک
تن ترا ہوویگا ترا مانند خاک

درگذر اس سے اگر روز حشر
کہ رہی جسوقت حق انصاف پر

عدل اور انصاف سے تجھکو خدا
آتش دوزخ میں ڈالیگا لجا

ہر طرح گر چہ مجھے ہی اختیار
ناکروں تیرے اوپر جز لطف و پیار

لطف کر اپنا ترے پر آشکار
ساتھ لے جنت میں جاؤں ایکبار

یاد لاؤنگا تجھے ہرگز عذاب
کہ تیرے سے مجھکو حاصل ہی صواب

بوحنیفہ جو امام العالمین
پست جنکی شان سے چرخ برین

راہ میں کوی آن کر نزدیک تر
کھینچکر مارا طمانچہ منہ اوپر

بعد ازان چند وقت کے سر کو اٹھا
کھول انکھان اس جوان کے تین کہا

پھر کہے اس مرد کو میں کچھ خطا
نین کیا تو ظلم میرے پر کیا

گر بزرگی کے اوپر میں نے نظر
مارنا تیرا کیا ہوں درگذر

گر کہوں جا اس سے تیرا ماجرا
وہ تجھے البتہ پہنچاوے سزا

گر کروں یک آہ میں وقت سحر
بارگاہ حق میں تک فریاد کر

بھی نہیں اسطرح کا مجھکو خیال
ہی مرا اس کام سے دل میں ملال

پاس اوس کے کرے فریاد و فغان
ظلم کا تیرے اگر بولوں بیان

ناکرونگا جب بھی کچھ فریاد میں
ظلم تیرا آجکا کل یاد میں

بلکہ روز حشر میں حق کر کرم
میرے عصیان بخش دیوے یکقلم

نا رکھونگا در یہ جنت کے قدم
تو نہو جبتک مرا ساتھی بہم

ای دل اب تو لے تحمل کا طریق
زیر دستوں پر ہمیشہ ہو شفیق

جو کرے تجھ حال پر جور و ستم
تو روا رکھ اُس پہ لطف و کرم

بدلہ بدکاروں سے نامرغوب ہی
نیکی بدکاروں سے کرنا خوب ہین

ہی تحمل مین کلید دل نہان
جز تحمل کشف نہین ہی ابقلان

رنج ہنسنے سے نہ لے کچھ دل مین درد
بلکہ ہو جا شاد دل گر ہی تو مرد

حکایت مردی و ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ

راوی دانای از جزو کل
یون سخن کے باغ سے لایا ہی گل

کہ کیا کوئی شخص ادہم سے سوال
اے گلستان ولایت کے نہال

راہ حق مین بول تجھکو کوئی روز
عیش دل حاصل ہوا ہی رنج و سوز

تب کہے وہ وقت تھا مین شاد
مین نے پایا دلکو اپنے برمراد

مین ہوا کشتی سوار یکوقت پر
تھا مرے درپیش دریا کا سفر

تن مرا تھا بس حقیر و ناتوان
بال ترہ سر مین تھا ڈوال ایجوان

اہل کشتی دیکھہ کر میری شکل
کر حقارت ملکے ہنستے بے محل

مسخرا تھا ایک اُنمین نابکار
دوڑ آتا پاس میرے بار بار

اینچتا میرے پکڑ کر موئے سر
مارتا منہہ پر طمانچے بے جگر

مسخری کر کرکے ہنستا مجھسے آ
مین نہ دیکھا ہون کبھی اُسکو نجھا

حال مین میرے ہی تھا مین مست ہو
مسخری سے تنگ نہین آیا کبھو

از قضا دریا مین ہو کچھ گڑبڑی
جوش سے آئی وہین موج بکجڑی

یہان تلک کہ موج کے گرداب مین
غرق ہونے جا ہی کشتی آب مین

پس کہا ملاح سبکو ہانک مار
پھیکو دریا مین کسیکو ایکبار

تا کہ یہ طوفان ہو جاوے فرو
مین تو اب جاتی ہی کشتی غرق ہو

بات یہ سن لوگ سارے گر پڑے
اتفاقاً آکے سب مجھ پر ترے

کوئی سر کو کوئی پاؤنکو پکڑ
ڈالنے دریا مین چاہے سب جکڑ

پس کیا اس موج کو حق نے نہان
پائی کشتی غرق ہونے سے امان

تب ہوئی حاصل مرے دلکی مراد
سو ہوئی مجھکو خوشی حد سے زیاد

دوسرے یکوقت پر تھا مین نڈھال
ناتوانی تن مین تھی میرے کمال

تھا مجھے ملجائے پر جانا ضرور
چل سکا نہین راہ تھی از بسکہ دور

ڈگمگاتے تھے ضعیفی سے قدم
کانپتا تھا ناتوانی سے جسم

ایک مسجد آملی اُس جائے پر
جا رہا مین پس وہ مسجد کے اندر

خلق کا تھا اسمین بس اژدحام
فرش سنجابی بچھا تھے تمام

مین گیا مسجد مین جب از اضطراب
گر پڑا ایکجائے پر بیہوش و تاب

لوگ بولے مجھکو آ غصے سے چل
کون ہی تو چھوڑ مسجد جا نکل

کہ ترے لایق نہین یہ جائے پاک
ہی سراپا تو غلیظ آلودہ خاک

مجھکو طاقت بھی نہین تھی اسقدر
کہ اٹھون جائے سے اپنی زور کر

عاقبت پاؤن پکڑ لے گئے گھسیٹ
شق ہوئی رگ رگ سے میری ساری پیٹ

سیڑہیان پتھر کی تھین اُسجائے پر
ٹھیل دینے سے گرا مین بے جگر

شق ہوا سر تن ہوا زخمون سے چور
خون بہنے کو لگا وین بالضرور

جب سڑھی پر سر مرا لگتا اٹھا
کشف یک تب میرے تن ہوتا نیا

تب کہا مین دل مین اپنے ہو کے شاد
خوب تھین گر سیڑھیان ہوتی زیاد

تا مرا سر پھوٹ جاتا ایکبار
راز حق ہوتا مرے پر آشکار

تجھکو گر اس رازکی ہی آرزو
ہو تحمل مین تو ثابت مو بمو

جب تلک نہین رنج کا تجھکو اثر
راز حق سے نہین تجھے ہرگز خبر

نفس سرکش جب تلک ہووے قوی
تا بزرگی کی تجھے ہو بیر دی

سرکشی تو اُسکی پہلے توڑ ڈال
بعد ازان کر راہ مولا کا خیال

نفس کو توڑا انھین تک الغرور
ہی تیری طاعت قبولیت سے دور

حکایت مردی و حضرت بایزید بسطامیؒ

نقل کرتے ہین کہ کوئی بسطام مین
بندگی مین تھا صبح اور شام مین

تھا عبادت اور ریاضت مین جسیم
زہد سے فارغ نہ تھا وہ ایکدم

بایزید نامور پاس آ ہمیش — بیٹھتا ہو دست بستہ پاک کیش
اکدن آ وہ جوان نامور — بایزید پاک کی خدمت اندر

یون کیا عرض ای جہان کے پیشوا — ہادی گمراہ و محبوب خدا
زہد مین مجھکو گذر گئی تیس سال — بندگی مین ہون خدا کی کل حال

رات سب طاعت مین کرتا ہون قیام — دن تمامی روزہ رکھتا ہون مدام
لیک اسرار سنکر یہ محل — ہی تمہارے قول پر میرا عمل

باوجود اسکے مجھے کچھ کشف نین — کچھ نظر پرتا نہین اسرار کین
گو سنکر اُسکا سخن شیخ زمان — یون کہے گر تین سو سال ای جوان

تو رہیگا اسطرح سے زور دار — یا کرے شب کی عبادت اختیار
کشف کا تجھ پر نہوویگا ظہور — دل نپا دیگا نہ نور حضور

پس کہا وہ کیا سبب ای پیشوا — تا کھولیگا مجھپہ اسرار خدا
پھر اُسے فرمائے شیخ حق شناس — تو اسیر نفس ہی اور بدقیاس

ہی ترے پر نفس سرکش کا حجاب — کیون نظر آویگا ستر آفتاب
پس کہا زاہد کہ ای عالی قدر — کچھ علاج اسکا مجھے کہئے مگر

شیخ بولے ہی علاج اسکا بل — نین قبولیت کا اسکے تجھکو پل
وہ کہا ہی مجھکو جان و دل قبول — نا کرون حکم آپ کا ہرگز عدول

شیخ بولے اسکو ترک لباس — پیرہن یک پہن لے تو بے ہراس
توبرا پھر ایک خرما مول لے — ڈال لے وہ توبرا اپنے گلے

جس محلے مین ترا ہی اعتبار — شان و عزت بہت سی اور افتخار
چھوڑ کر ناموس و ننگ اور رجا — بیٹھ لوگون کی گذرگاہون پر

جمع کر طفلان کو سارے ہانک کر — بول گر کوئی مجھکو مارے ایکبار
ایک خرما دونگا اس طفل کو — مار دو مارے تو خرمے دیون دو

شہر مین سب بولتا پھر ای گدا — کر تحمل مار کھا مارے سدا
تا ترا ہو نرم نفس بدمزاج — ہی یہی بیماری کا تیری علاج

ایطفلان تو بھی نہ اب کچھ ننگ — چھوڑ دے سب تری ناموس و ننگ
گر ترے مین بال بھر پندار ہی — زہد تیرا سر بسر بیکار ہی

پست ہو اور کر تحمل مثل خاک — تا اگے تجھ مین نہال راز پاک
جب تلک نا ہو تحمل الفلان — راز پنہان تجھپر نا ہو عیان

کر شکستہ گردن نفس غرور — پس تو داخل ہوویگا حق کے حضور
واصلیت جو تحمل مین تجھے — سرو حد نا دیکھیگا کبھی تجھے

پس بزرگان حلم کو کر اختیار — پاسے عزت پاس جھکے اور وقار

حکایت حضرت عامر بن شرحل رحمة الله علیه

عامر ابن سرحل حق گزین — ہی لقب جسکا امام العارفین
اکدن مجلس مین بیٹھے تھے مگر — شخص کوئی آیا سفیہ و بدگہر

شیخ کی خدمت مین ہو کر بے ادب — گالیان بیحد دیا ہی بے سبب
پھر کہا ظاہر مین گو یہہ پارسا — باطنی مین پھر رکہا مکر و دغا

عیب ہین باطن مین اسکے بیشمار — ظاہرا دستا ہی یہہ پرہیزگار
بس کہے عامر اٹھا دست دعا — ای خداوند و علیم ماسوا

ہی جو کچھ یہ راز سارا آشکار — نین تجھے معلوم سو نین کوئی کار
گر مرے مین یہہ جو کہتا ہی جوان — ہووینگے مکر و دغا عصیان نہان

بخش دے ہو مہربان ای کارساز — بول تا ناچار ہے کرنے ناز
اسطرح برداشت مین جو ہو قوی — ہی وہی تحقیق مرد معنوی

بے تحمل ہی جو کوئی آتش مزاج — حلم کا پانی اُسے بہتر علاج
بردباری شغل عرفان ہی — بے تحمل قالب بے جان ہی

پیشوایان تھے تحمل مین حسینم — ترک غصے کو کئے تھے یک قلم

حکایت عبد الله بن عوف رحمة الله علیه

ناسلف سے تھا جو کوئی آگاہ تر　　یون قلم رانی کیا کاغذ اپر
تھا ریاضت و تحمل مین کامل　　ہم زمان کوئی نتھا انکی مثال
تمام کر غصے کو کہتے ایفلان　　بارک اللہ علیک جاودان
بات یہہ سنتے ہی سارے خادمان　　جان لیتے شیخ ہین غصے میان
ہو سوار اس اونٹ پر وہ باکمال　　حج ادا کرتے تھے جا ہر ایکسال
اتفاقا راہ مین یک چوب سخت　　اس شتر کے آنکھ و دیدہ مین سخت
گھر طرف جب اونٹ کو لایا پھرا　　یون کہے لوگان وہان کے سب بچھا
بعد ازان جب شیخ کو پہنچی خبر　　گر تاسف اونٹ دیکھے آن کر
پس کہے لوگون کو تم شاہد رہو　　یہہ مرا ہی زر خریدہ مو بمو
بول اتنا وہ بزرگ باکمال　　جا مصلے پر لگے پڑھنے نماز
تھے تحمل مین بزرگان جاودان　　جز تحمل نین بزرگی ایفلان
ہو تحمل سے جسے پروانگی　　حق رسی کی ہی اسے ہم خانگی
تھے جو کوئی مردان حق تاکیر مکیش　　سوستے تھے ہر کسکا جور بیش

کہ تھے عبداللہ بن عوف یک مگر　　عارف اسرار حق عالی قدر
کوئی شاگرد انکا یا کوئی پسر　　کام ناشائستہ کچھ کرتے اگر
کہ برکت حق کرے تجھ پر زیاد　　لطف سے تجھکو رکھے نت شاد شاد
شیخ کے تھا گھر مین یک خاصہ شتر　　شیخ رکھتے تھے محبت اس اپر
خادم شیخ ایکدن ہوکر سوار　　لے گیا پانی پلانے ایکبار
پس شتر کی آنکھ پھٹ گئی یکبیک　　خوف سے خادم کے لائی نا شیک
آج خواجہ کو ہوویگا درد و غم　　اونٹ اندھا دیکھ پر درد و الم
پس کہے خادم کتین وہ باتمیز　　بارک اللہ علیک یا عزیز
اب کیا ہون ان آنکھیان آزاد مین　　اور اس سے جا سے ہون شاد مین
جب تجھے بھی اسطرح برداشت ہو　　گنہ تیرے ہون عفو بے گفتگو
شیخ کے مانند ہو تو بردبار　　لطف فرماویگا تجھکو کردگار
رہ تحمل مین سدا مردون مثال　　تا خدا تجھکو کرے مرد کمال

حکایت مردی بزرگ

خامہ راوی کیا ہی یون رقم　　کہ تھے کوئی اہل صفا قدم
زشت روئی ختم تھی اسپر تمام　　زشت رویون کو تھا جس سے ننگ نام
بے ادب اور بے تمیز و بد خصال　　بے حیا و تلخ گو اور بد خیال
دانت اسکے جون کہ ثعبان پر زہر　　جوش مین غصے کے رہتا پر قہر
رو برو صاحب کے کرتا مسخری　　گھر کو دیتا تو کرینت ابتری
باورچی مین قوالتا گھر مین کی چیز　　راہ مین کاٹے بچھاتا بے تمیز
لاوین کھانا گر یکا تیار کر　　چار زانو بیٹھتا سفرے اپر
اسطرح کے بندۂ خونخوار سے　　بد مزاج و بے ادب بدکار سے
رنج سہتے تھے تحمل سے مدام　　بردباری لیجاتے صبح و شام
ایکدن کوئی انکو بولا دوستدار　　ای بزرگ نامور پر افتخار
یہہ غلام بد خو بے قاعدہ　　کیا ہی تمکو حاصل اس سے فایدہ

وصف سے انکی بھرا آفاق تھا　　ایک خادم انکو بد اخلاق تھا
جن برو مین کھلی انکی کبھی　　ہون جہان تک عیب تھے اسمین سبھی
جون شب دیجور رو بے فروغ　　بات نین کرتا بجز کبر و دروغ
شکل روتی نین ہنسا وہ کھول لب　　سو جلا رہتا ہمیشہ پر غضب
غیب ہوتا جسکہ بھیجین کام کو　　صبح کو جاوے تو آوے شام کو
بند کرتا اگر بولے تو کام　　منہہ جلاتا گر پکاوے کچھ طعام
جان بلب ہو پیاس سے خاوند اگر　　نا پلاوے آب یک گھونٹ بھر
وہ ولی حق بزرگ خوش لقا　　بیکے غصہ سوستے جور و جفا
خشم ہو کرنا کئے اس سے مقال　　بلکہ نین دیکھے کبھی آنکھان نکال
اس غلام بے وفا بد ذات کا　　کب ملک سو سکے یون جور و جفا
نہ جمال اسمین نہ دانش نا ادب　　رنج سہنا انکو ہی کیا سبب

آپکو مین ایک خادم خوشخصال
لاکے دیتا ہون تو تم اسکو نہال
لادوے تمکو اگر کوئی ایک کاس
بیچ ڈالو اسکتین تم بے ہراس

جب سنے یہہ بات وہ نیکو نہاد
ہنس کے بولے ای محب پاکزاد
گرچہ خادم ہی مرا وہ بدخصال
مجھہ کو حاصل اس سے ہوتا ہی کمال

جور اسکا سو سہتا ہون اس دل
کہ غروری نفس کی جاوے نکل
گر سہون اس شخص کا جور و جفا
سہسکونگا ظلم پھر ہر ایک کا

ناکرونگا ظلم سے مین کسیکے غم
تا خدا مجھہ پر کرے فضل و کرم
عارفان کسطرح سے تھے بردبار
جب دیا انکو بزرگی کردگار

تو غروری مین بھرا ہی ای دغل
ہو رہا ابلیس ملعون کا مثل
نفس تیرا پیشوا ہی اور امام
ہاتھہ مین شیطان کے تیری لگام

نین بزرگونکی تیرین ایک چال
جز تکبر نین ترے مین کچھہ کمال
سرکشی کر ہو گیا تو حق سے دور
ہی کہان تجھہ مین تحمل ای غرور

تو تحمل سے تحمل پاوینگا
نزد خالق ہو تو مقبول آوینگا
حلم بن نین ہی عمل کو برتری
حلم ہی دیباچہ پیغمبری

حلم سے پائے بزرگان امتیاز
حلم سے ہوتی ہی پستی سرفراز
خاک مین جب تخم ہووے پایمال
ہو بلندی کی طرف آوے نہال

پست ناہووے ملک ناہو بلند
کسطرح سے ہووے کوئی حق پسند
جب ابر سے قطرہ آوے زیر تر
دیدہ دریا مین ہوتا ہی گہر

پس وہی ہوتا ہی در شاہوار
گوش مجنو نین لیتا ہی قرار
تو بھی ہوجا اسطرح سے پست تر
تا تو ہووے بحر عرفانکا گہر

پیشوایان تھے تحمل مین مدام
بن تحمل پاوے نین کوی احترام
حلم تو بھی کر ہمیشہ اختیار
تا دیوے تجھکو بزرگی کردگار

سرکشی کا کرے تو سینہ چاک
تب تجھے حاصل ہووےگا نور پاک
جہد کر او نفس کی گردن کو توڑ
ہاتھہ سے تو حلم کا دامن نچھوڑ

جب تحمل مین کریگا تو قیام
تو بزرگی ہی تیرین صبح و شام
اعتماد خلق کو سب درگذر
اعتماد اپنا تو رکھہ اللہ پر

حق پہ رکھہ نسدن توکل کی نظر
سونپ اپنے کو خدا پاک پر

باب پنجم در تسلیم و توکل

حکایت حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ

بلبل باغ روایات کہن
نغمہ سنج داستان شیرین سخن
یون کلی کا غذ پہ ہی نغمہ کنان
ہی سراپا مست جس سے مغز جان

کہ امیر المومنین عالیمقام
جانشین مسند خیر الانام
وارث علم نبی عادل عمر
ایکدن اپنی خلافت کے اندر

جائزہ لشکر کا لیتے تھے تمام
کہ مہم درپیش تھا انکو مدام
آئی کوی دو شخص لشکر سے نکل
ایک صورت ایکڈھب تھے یکشکل

ہو بہو دونوکی تصویر ایک تھی
نقش بند خانۂ تقدیر سے تھے
وے امیر المومنین کے پاس آئے
شاہ عادل غور سے انکو تکھاے

بھی کہے کیا تم اپسمین بھائی ہو
کہ تمہارے شکل یک ہی تم ہو دو
پس وے دونو مین سے یک نے یون کہا
باپ اور بیٹے ہین ہم ای پیشوا

ہی ہمارا ایک قصہ بس عجب
عرض کرتے ہین اگر ہو حکم اب
پس امیر المومنین شاہ جہان
حکم فرمانے کہو جو ہی بیان

وہ کہا جب تھا شکم مین یہہ پسر
مین رسول اللہ کے تھا خدمت اندر
رو دیا اسوقت پر پس از قضا
لشکر کفار سے جنگ و غزا

پس سیالت کے فلک کے آفتاب
کوچ فرماسو مین تھا ہم رکاب
جب نکل کر گھر سے آیا تھا مین
باوضو ہو سر رکھا مسجد مین مین

پس کیا مین حق سے اپنے التجا
ای خداے خالق ہر دو سرا
جو شکم مین ہی مرا لخت جگر
سونپ جاتا ہون اسے تیرے سپر

اس بچے پر رکھہ حفاظت کی نگاہ
ہی دو عالم کو ترے ہی پناہ
الغرض جب فتح پا کفار پر
آئے پیغمبر ملت کر باظفر

مین بھی اپنے گھر کو جا دیکھا تو کیا / انتقال زن ہی اتھا از قضاء
بس ہوا پر سے تئین درد و الم / گھر سے باہر نہین کہا بر گر قدم
بعد کئی دن کے زیارت کے بدل / قبر پر زن کے گیا گھر سے نکل
دیکھتا کیا ہون قبر پر نور و تاب / ہی جھلکتی مثل نور آفتاب
پس محلہ دار پاس جا کر مین کہا / یہہ قبر کیسی ہی پر نور و ضیا
اُسنے بولا عجب ہی وہ پاکیزہ زن / ہوگئی ہی اپنے تربت مین دفن
از قضا ہو قبر کی تو پر چاک / چرخ پر جاتا ہی اُس سے نور پاک
جب مرے کو لین ہو آن ہشیار / قبر کو جلدی سے کھولا ایکبار
کہ مری تھی زن شکم مین کچھ حمل / وہ حمل تربت مین آیا ہی نکل
قدرت اللہ مین نے دیکھا عجیب / جسکے کہنے سے مری لرزان ہی جیب
زن مری تھی تھا مگر زندہ پسر / کھیلتا تھا ہاتھ پاؤن جھاڑ کر
گرچہ مادر مین نہ تھا روح و روان / لیک تھا شیر اسکی پستان سے دوان
منہہ اوپر چھاتی کے رکھ کر وہ پسر / دودھ پیتا تھا فراغت حال پر
دیکھکر مجھکو ہوا بس سوز و درد / درد دل سے یک کیا مین آہ سرد
پس سروش عالم لاریب سے / یون ندا مجھہ پر کیا ہی غیب سے
لے امانت کو تو اپنے اے جوان / جو تو سونپا تھا مجھے با صدق جان
سونپتا مادر کو بھی اسکی اگر / یون ہی پہنچاتا تجھے تھا بے ضرر
لیک سونپا تو فقط فرزند کو / جا اُٹھا لیکر اب اس دلبند کو
یہہ میرا وہ ہی پسر جو ساتھ ہی / سونپنا حق پر دیکھو کیا بات ہی
یون توکل رکھ خدا پر اے عزیز / گر تیرے ہی صداقت کی تمیز
کر توکل حق تعالی پر سدا / کہ وہ عالم کا نگہبان ہی خدا
عارفان دھر حق تعالی پر نظر / سونپتے ہین جان و مال اُسکے اوپر
جو کیا اپنا حوالہ حق اوپر / اسکو نہین ہی دو جہان مین کچھ خطر

حکایت حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ

مجلس آرا ہے روایت دلپذیر / یون لے آیا بات کا شمع منیر
کہ مکان عز و عزت کے ہدف / عارف حق گوہر بحر شرف
ہادی رہ یعنے مرد معنوی / پیشوائے دین حبیب عجمی
شہر مین بصرے کے یک رستے اوپر / گھر بنے تھے خلق کا تھا جان گذر
تھا زمین کی پشت پر گرچہ وہ گہر / فخر رکھتا تھا مگر افلاک پر
رہے اس گھر پر شرف مین روز و شب / جان و دل سے تھے صفت مشغول رب
اور یک تھی پوستین صبح و شام / اور تھے اسکے تئین عالی مقام
از قضا یکروز گھر سے باہر آ / دھوپ مین بیٹھے اتھے وہ با صفا
پس وضو کے واسطے گئین دور تر / جارہے تھے آب کے چشمے اوپر
پوستین جو ساتھ تھی سو ساکتین / ڈال دے تنہا گئے رستے کہین
شیخ حسن بصری امام بحر و بر / اتفاقا آگئے اُس جا سے پر
پوستین کو دیکھ پہچانے نشان / کہ حبیب عجمی کی ہی یہہ مکان
وین کھڑے تھے پوستین کے پاس جا / تا نہ لیجاوے کوئی اُسکو اُٹھا
اُنے جب وے حوض سے کرکے وضو / پوستین کے پاس دیکھے پیر کو
پس کہے انپر سلام با ادب / پھر کہے تم یہان کھڑے ہو کیا سبب
شیخ حسن بصری کہے ای نامور / پوستین کو ڈال دے رستے اوپر
کان گیا تھا کیا نتھی تجکو خبر / کہ لیجاوے کوئی اُٹھا اسکو مگر
اسطرح نین مال اپنا چھوڑنا / کون تھا اسکا نگہبان ای گدا
تب کہے حضرت حبیب نامدار / سن تو اب ای پیشوائے روزگار
اُس اوپر سونپا تھا مین جو تجکو یہان / آتے تک میرے کیا ہی پاسبان
تا دل و جان سے نگہبانی کرے / دور رہ ہر کس کی خیانت سے ڈرے
اعتماد حق رہے جس دل اندر / جان و مال اسکا نہ پاوے کچھ ضرر
کیا تو سمجھا مال اور ایمان کو / مایہ و سرمایہ انسان کو
ہوی بری چیزان ہین کچھ شیطان دو / سونپ دے اسکو خدا پر بالضرور

جو نگہبانی میں حق کے ہے حشم
مال و ایمان کا نہیں کچھ اسکو غم

دوست سے تو بھی پناہ لے ایفلان
تاکہ ہووے تجھکو دشمن سے امان

کسطرح دشمن سے ہووےگا تباہ
دوست کا اپنے لیا ہی جو پناہ

مال پر تیرے جو کوئی لیگا ہات
قدرت حق سے کٹیگا اسکا ہات

حکایت عرب

ناقل نقد سخن کا گنجدار
یوں بیاں کرتے حکایت باعیار

باندھکر یک ڈور سے پائے شتر
پس کہا ای خالق جن و بشر

سونپ جاتا ہوں تیرے یہ شتر
تو کرم سے رکھہ حفاظت کی نظر

باہر آیا جب نماز ان کر ادا
اونٹ کو دیکھا وہیں اپنے بجھا

اونٹ کو سونپا تھا میں تیرے اُپر
لیگیا ہی کون تجھسے چھینکر

بعد یکساعت کے کوئی شخص آ
اونٹ لایا یہ عجب ہی ماجرا

دست میں لیکے اشتر کی مہار
ڈھونڈھتا آیا ہی مالک کو پکار

پس عرب نزدیک جا اسکے کہا
ہاتھہ تیرا کون کٹتا ہی ای گدا

وہ کہا میں ہوں نہیں مرد عرب
خوار و مفلس اور فقیر و بےنصیب

تیر کے جب کوہ کو میں لے گیا
یک سوار از غیب ہاں پیدا ہوا

پس مرے نزدیک آ گھوڑا دوڑا
ہانک مارا پر غضب ہوکر کہا

دل مرا اس ہانک سے ہو ترسگیں
اڑ گیا پھر میں ہوا نقش حزیں

پس اٹھایا ہاتھ کو میں بیدریغ
کاٹ ڈالا ہاتھہ میرا مار تیغ

اونٹ دے خاوند کو کر معذرت
تاکہ تو ہو جاوے پاک از معصیت

پس ترے میں کوہ سے آیا ہیں
مال تیرا تجھکو پہنچایا یقیں

ہے نگہبان اسطرح پروردگار
لیک تجھکو نہیں بھروسا استوار

ہے خدا ایک رزاق و رحیم
نہیں توکل اسپہ تجھکو ای لئیم

پرورش کرتا ہے مار و مور کو
رزق دیتا ہے وحشی اور کور کو

کہ در بیت الحرم میں کوئی عرب
اونٹ سے آیا اتر کر باادب

پاسبانی میں تری ہے سب جہان
ایکذرہ بھی ترے سے نہیں نہان

اعتقاد و صفا سے یوں بولکر
رکھہ قدم آگے گیا مسجد اندر

اونٹ نا آیا نظر ہو بیقرار
یوں کہا غصے سے ای پروردگار

مال میرا دے مجھے ای کبریا
کہ امین ہی تو امانت کر عطا

ہاتھہ سیدہا تھا کٹا تلوار سے
گلیں باندھے تھے لگا ایں چور کے

اُس شتر کو دیکھکر پس وہ جوان
بولا تیرا مال لے ایفلان

کون ہی تو اور کہاں تھا یہہ شتر
دے تو اپنے حال کی مجھکو خبر

اونٹ تیرا میں ضرورت کے سبب
لیگیا تھا کھول دزدی کرکے اب

برق مانند اسپ تھا چابک شتاب
وہ سوار اسپر مثال آفتاب

ای رکیک بی تمیز و ناسپاس
کاں چلا ہی اونٹ لیکر بے ہراس

پس کہا مجھکو سوار ارجمند
ہاتھہ سیدہا کر اسکا تو بلند

بھی مجھے بولا دتا کر یہہ شتر
دور تا لیجا در مسجد اوپر

بولکر اتنا مرے سے وہ شتاب
اڑ گیا افلاک پر جوں آفتاب

ہے مرے افعال پر مجھکو شرم
بخش مجھکو اور مرے پر کر کرم

گر تجھے ہوتا توکل حق اوپر
تو نہ پھرتا اسطرح در بدر

عرش سے تحت الثری تک ہی تمیز
رزق بن پیدا کیا نہیں ای عزیز

حکایت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ

خامہ راوی راز ما سلف
اسطرح لکھا حکایت باشرف

چھوڑکر دنیائے فانی بے ثبات
خواہش اللہ سے پایا وفات

تو ہی وارث اسکا ہی ای پیشوا
بن ترے یہ مال کسکو ہیں روا

کوئی کہا ادہم کے ای عالی قدر
خویش تیرا ہی خراسان کے اندر

سیم و زر ہی گرچہ اسکو بیشمار
لیک نہیں ہی مال کا کوئی ورثہ دار

بات یہہ سنتے ہی شیخ پر شرف
چلدیئے اٹھکر خراسان کے طرف

از قضا ایک مرغ کور و بے بصر / راہ مین آیا نظر یک جاے پر
مینڈکی یک لیکے کیڑا منہہ اندر / اس کے نزدے پاس آئی دوڑ کر
منہہ پر اسکے رکھی سو از قضا / گر گیا معلوم مرغ اپنی غذا
پس وہین وہ منہہ کو کھولا تھا مگر / ڈال دی کیڑے کو اس منہہ کے اندر
دیکھہ ابراہیم یہہ احوال سب / ہو تعجب مین کہے ای پاک رب
مرغ نابینا کو بھی تو اے خدا / یا الٰہی رزق یون دیکر سدا
بھی خراسان کو تجا اون مین اگر / رزق دیویگا تو مجھکو بے خطر
اسطرح سے کر پسندیدہ مقال / پھر کے آئے شہر کو وہ باکمال
پیر وضو کرنے کے تئین یکجاہ پر / آئے ڈالے ڈول جب اسکے اندر
لاے باہر اس ڈول کو کھینچ جب / تھے عوض پانی کے مروارید سب
پس کہے یارب غرض ہی آب سے / کیا کرونگا مین یہہ مروارید لے
آب چاہا تھا وضو کرنے کے تئین / آئے موتی اس سے مجھکو کام نئین
اسطرح سے بول شیخ نامور / گی نکل اس چاہ کے تئین چھوڑ کر
یون خداوند زمین و آسمان / ہی ہر اک جاندار کا روزی رسان
کون ہی اس آفرینش کے اندر / جس کی روزی کو گیا ہو حق بسر
دیکھہ لے قرآن مین پروردگار / کیا کہا ہی بندگون کو ایکبار

وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا

اسطرح سے پھر تو کیون حیران ہی / فکر مین روزی کے سرگردان ہی
تا توکل ہی تجھے اور نا یقین / نام اپنا جیت کھا ہی اہل دین
دین پر اپنے اگر ہی استوار / دینداروں کا روش کر اختیار
ہی خدا پر گر تجھے چشم یقین / بحر پر چل جاو تو بھی غم نہین

حکایت عیسی علی نبینا وعلیه الصلوة والسلام

نقل کی کشتیکو ملاح زبان / یون کیا دریا کا غذر پروان
کہ کہے عیسی سے حوارین آ / ای پناہ دین رسول کبریا
کون سے قوت سے تو دریا اوپر / چلکے جاتا ہی قدم رکھہ بے خطر
تر نہین ہوتے کبھی تیرے قدم / کفش بھی ہوتی نہین ہی تیری نم
پس کہے انکو سنو ای اہل دین / ہی مرے مین قوت صدق و یقین
گر توکل حق تعالی کے اوپر / پاؤن رکھہ پانی پہ جاتا ہون نڈر
قوم حوارین کہے ای پیشوا / مطلع انوار اعجاز خدا
ہی ہمین بھی وہ ترا ایمان و دین / حق پہ کرتے ہین توکل او یقین
پھر کہے عیسی مگر تین جسقدر / ہی توکل حق تعالی کے اوپر
اسقدر تمکو بھی گر ہووے یقین / پس چلو دریا اوپر کچھہ ڈر نہین
پھر کہی وہ قوم سب ای ذات پاک / موج سے دریا کے دل ہی ہولناک
کہ مبادا ہم سبھی کین آب مین / ڈوب مرجاوین پھنسی گرداب مین
تب کہے عیسی خدا کے قہر سے / خوف کھاؤ مت ڈرو اس لہر سے
موج سے دریا کے ہو جسکو خطر / نین یقین اسکو خداے پاک پر
گر رہے مانند تم ای اہل دین / حق پہ رکھتے ہو توکل او یقین
خوف سے لین کچھہ بھی نا کر بید رنگ / رو کے دریا پر چلے جاؤ نسنگ
ہی توکل مین تمہارے اب قصور / جو نہ کرسکتے ہو دریا پر عبور
پس کرو حق پر توکل خوب تر / غیر سے حق کے ڈرو مت بال بھر
جو خدا کے خوف سے لرزان رہے / پاس اسکے بحر و بر یکسان رہے
ترس حق کے عارفان ہین ثبت فوق / کر سکے کیون موج بحر انکو غرق
گر نہو تجھکو توکل الفلان / پس کہان تو اور یہہ بابت کہان
حق تعالی پر تری ہی گر نظر / آگ بھی ہووے تو نا ہی تجھکو ڈر

حکایت شیخ نوری رحمة الله علیه

راد و دانا سے راز ارجمند / یون لکھے آیا ہی روایت دلپسند
ایک بستی مین کسی کے دیکھ اندر / آگ لگ گئی تھی کیایک بیشتر

جب لگا بازار جلنے کو تمام
اہل دوکان چھوڑ گئی اپنا مقام

غل مچا اور لوگ ہوئی زار زار
ہو گیا ہول قیامت آشکار

دو غلام پاک صورت خوش لقا
رہ گئے دوکان میں یک از قضا

جب لگی آتش چو طرف سے زور پر
تو لگے رونے غلامان شور کر

دیکھکر خاوند نے انکو بچھا
بولتا تھا تلملا افسوس کہا

لاویگا انکو اگر کوئی نکال
یکہزار اسکو دیوں دینار مال

شیخ حسن نوری کہیں اس حال میں
اس طرح کے آرہے غلغال میں

دیکھ کر روے وو غلامان بیقرار
تلملاتے تھے سیرہ کر زار زار

بس وہیں دلپر کئے اپنے ندا
رکھ توکل بر جناب کبریا

آگ میں جلتے ہیں وے دو نو پسر
لا تو باہر کرکے ہمت کھینچ کر

تا خدا تجھکو بھی در روز حشر
دیوے دوزخ سے یقین آزاد کر

دلکو اپنے اسطرح سے بول کر
اپنے دامن سے وہیں باندھے کر

بس خدای پاک کا لے نام پاک
جا رہے وہیں آگ میں بے ترس و باک

جان غلامان تھے وہاں جا کر سنگ
ہاتھ دونو کا پکڑ کر بیدرنگ

فضل حق سے لائے باہر شیخ نے
ہو تعجب لوگ تھے سب دیکھتے

لائے باہر سب کئے تن پر نظر
بال بھر کچھ نہیں ہوا انکو ضرر

صاحب اُن دونوں کا آکر شیخ پاس
بہت لایا بجا شکر و سپاس

بھی کہا سر شیخ کی قدموں اپر
شیخ نے لائے گلے سے اپنے کر

پھر کہے اس شخص کو وہ رہنما
شکر کر تو اب خدای پاک کا

جو کیا ہوں میں پسندیدہ عمل
وہ عمل ہے عین خالق کا فضل

کچھ نہ رہے اوپر مرا احسان میں
کہ ترے خاطر کیا میں کام میں

ہے مرا مقصود خوشنودی رب
بار احسان نا رکھو میں تجھ پہ اب

بس کہا وہ شیخ کو ای نامدار
لے قبولا میں جو دیناران ہزار

شیخ بولے مجھکو فضل ذوالجلال
بس ہے مجھکو دو جہان میں وہ کمال

گر رکھوں میں سیم و زر کی دوستی
نا رکھی حق دوست مجھکو کرتی

میرے تئیں ہوتا اگر کچھ طمع مال
آگ میں جانا مجھے ہوتا محال

آگ کرتی خاک مجھکو بیدرنگ
شمع پر جیسا کہ ہوتا ہے پتنگ

میں رضامندی خدا کی کر طلب
دل سے دہو باد دوستی دنیا کی سب

بولکر اتنا سخن جوں پُرتاب
برق کے مانند گیا وہاں سے شتاب

کان تر میں بول اتنا ہی کمال
بس تجھے ملنا مقام انکا محال

جو کریگا ترک مال و جاہ کو
پاویگا وہ مقصد دل خواہ کو

دوستی زر کی رہے جس دل میں گر
دوستی سے دوست کی ہے بے خبر

گر تجھے ہے خواہش دل بعلات
دہوندلے جاکر مقام راستان

بس نہ مردار دنیا پر فدا
دوست تر مت رکھ کسیکو جز خدا

دہر یقین اور کر توکل میں قیام
حق کے رہ فرمان میں تو صبح و شام

گر تو فرمان خدا لاوے بجا
حکم سے تیرے نہ ہووے کوئی جدا

حکایت بزرگ شیرسوار

خامۂ اہل سخن کشاف راز
صفحۂ کاغذ پہ باندھا ہی طراز

تھے خدا دان کوئی بزرگ نامدار
بیٹھ پر یک شیر کے ہو کر سوار

ہاتھ میں یک سانپ لیکر زہر بھر
خوش چلے جاتے تھے یک رستے اپر

دیکھکر کوئی انکو بے ترس خدا
یوں لگا کہنے کو ای مرد گدا

کیا کیا تو بول یہہ افسونگری
کہ درندے ہیں کئے فرمان بری

بس کہے وہ صاحب دل باتمیز
کیا نہیں معلوم تجھکو ای عزیز

جو رکھے گردن خدا کی راہ پر
تا پھر اوے حکم سے کوئی سکے سر

ہیں درندے سخت گرچہ پیل و شیر
کہ نہیں کوئی سامنے انکے دلیر

حق تعالیٰ پر توکل ہی جسے
خوف کب ہووے درندوں کا اُسے

حکم سے خالق کے تو بھی سر نہ پھیر
ہوں ترے فرمان میں سب دد و شیر

حکایت عامر بن قیس

رونق آرائی گلستان کہن
صاحبدل عامر ابن قیس کو
یک مصلا وا کر پاک و لطیف
دن گذر کر جبکہ آیا وقت شب
پس کہے عامر کہ مین بندۂ خدا
رات کو آتشور کرتے ہین کمال
شبکو ہر سے گھر مین رہتا جا سدا
دین تیرا دوسرا اور دین دگر
عاقبت ترسا گیا حجرے اندر
چھپ گیا مغرب کے جا پردے مین سور
آگئے شیران بعد ازان بے شمار
عامر پاکیزہ با عجز و نیاز
جب رکھے مسجد مین عامر اپنا سر
جب رکوع کرتے تھے پس ان شیر کو
یون کہے شیرون کے تئین وہ باشرف
یا نکل کر جاؤ تم سب ایکبار
زاہد ترسا سمجھایا یہہ مشکل
ہے تجھے سوگند اسکی بار بار
شیخ نے اس مرد ترسا کو کہے
کوہ پر آیا ہون طاعت کے بدل
شیخ کو بولا کہ تو ہی پر قدر
حل کر اب اسلام مجھ پر بیدرنگ
شیخ نے اسلام سے کر سرفراز
تو عبث ای مرد غافل بے خبر
جب توکل کا ترے مین نہین اثر

اسطرح لایا ہی گلدستۂ سخن
شہر سے باہر نکالا زشتخو
باادب پڑھتے تھے قرآن شریف
زاہد آ باہر کہا ہی اکو تب
عاجز و احقر غریب بے نوا
ہو ویگا تجھکو یہان رہنا محال
دن کو ہر کین بیٹھ کر یاد خدا
کسطرح آؤن ترے حجرے اندر
کر دیا محکم وہین حجرے کا در
ہو گیا تاریکی شب کا ظہور
شیخ پر چو طرف سے باندھے حصار
تھے مصلّے کے اوپر کرتے نماز
سر ملے کوئی شیر آ تلوے اوپر
دور کرتے ہاتھ سے وہ نیکخو
چو طرف تم کیون کھڑے ہو باندھ صف
پا کرو مقصد کو اپنے آشکار
باہر آیا وو ترسا حجرے سے نکل
تو سمجھتا ہی جسے پروردگار
عامر ابن قیس ہون اب دیکھ لے
تا مرے درپیش آوے خلل
شہر سے گر چہ جدا ہی تو بدر
ہی مجھے اب کفر کی ملت سے ننگ
کفر سے اسکے رکھے تب لکو باز
ہی طریق رہبستان سے دور تر
پس تجھے کان از پنہان کی خبر

کہ رہا جب ہو یہ نے سخت گیر
پس گئے عامر بلند یک کوہ پر
از قضا یک زاہد ترسا دگر
ایجوان تو کون ہی سو کر بیان
وہ کہا یہہ جا رہنے کی نہین
پس مرے حجرے مین چل اب بیدرنگ
عامر دانا سے ستر کردگار
ہو بحد زاہد کہا کئی طرح سے
کر توکل عامر پاکیزہ دین
شیخ عامر معتقد ہے پاکباز
نیم شب گذری تبھی زاہد کھول در
کھول کر دیکھا شیر غران ہر طرف
آلگا ہے پہلو بپہلو کوئی شیر
الغرض فارغ ہو ہے جب پڑھ نماز
کہ تو جو حاجت کچھ کرو مجھ پر عیان
شیخ سے جب باتہہ یہہ پائی ظہور
لا رکھا وین شیخ کے قدمون پہ سر
تو مرے پر کر عیان سب حسب حال
حاکم کوفی مرے پر جبر کر
زاہد ترسا سنا جب یہ مقال
بے شبہ ہی پاک تیرا کردگار
نہین جج کوئی تجھ وین سے آگاہ تر
پس ہوا معلوم مردان خدا
کی خیالان مین ترے کو لی نہان
گر خدا پر نہین تجھے کچھ اعتماد

مسند اقلیم کوفے کا امیر
خلق کا جسن جانے پر نہین تھا گذر
باندھ حجرہ تھا مقیم اس کوہ پر
واسطے کس بات کے آیا یہان
شیر رہتے ہین یہان شبکو یقین
یہان دو رہنے آوینگے ہو کر نہنگ
عاجزی سے اسکو بولے ایکبار
لیک عامر بات اسکی نہین سنے
حق تعالی پر رکھے چشم یقین
با حضور دل لگے پڑھنے نماز
شیخ کا احوال دیکھا کر نظر
باندھ کر حلقہ کھڑے تھے صف بصف
شیخ کے نزدیک رہتا تھا جو شیر
دونو جانب کر سلام با نیاز
جب عبث کرتے ہو کیون شور و فغان
گئی نکل کر شیر سارے بھاگ دور
یون لگا کہنے کہین ای پرقدر
کون ہی تو اسطرح کا باکمال
شہر سے اپنے کیا مجھکو بدر
کرو یا مذہب کو اپنے پائمال
دین اور آئین تیرا استوار
ہی ضلالت مین وہ دو با سر بسر
حق اوپر ہے توکل سے سدا
جمعیت کا نہین ترے مین کچھ نشان
پس ترا ابلیس سے ہی اعتقاد

جب تلک ابلیس کی قید مین
مبتلا ہی تو کمند کید مین

رکھ توکل کہ ہی حبل المتین
تو تر دے یہ دام از دست یقین

ہی توکل گر تجھے خالق اُپر
شیر یک مخلوق ہی اُس سے قرین

حکایت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ

جوہری جو ہی سخن کی گیان کا
یون پرکتا ہی جواہر بے بہا

اکدن سفیان ثوری پاک ذات
لے ہم شبان اپنی کو سنگات

آرزو آ ہم سے ملنے کی کئے
ہو مصمم دو نو مکر چلدئے

از قضا صحرا مین جو تھا تند شیر
رو برو ہو کر قوی آیا دلیر

دیکھے جب سفیان ثوری کیتین
پس کہے شبان اپنی کیتین

شیر آتا ہی ہمارا قصد کر
مصلحت مین ہمکو جانا بیشتر

کہ ہمارے سے اُسے کچھ خوف نین
بھار کھاوے شاید ہم دو نو کیتین

پس کہے شبان اپنی ناموز
جمع خاطر رکھ نہ کچھ وسواس کر

شیر بھی آفریدہ ذو الجلال
ایک مخلوق خدا سے مثال

کیا اُسے طاقت بجز حکم خدا
کہ ہمارے پر کرے جور و جفا

اسطرح سے بول آگے دہر قدم
شیر کے نزدیک پہنچے دو بہم

کان اُسکا لے پکڑ وہ حق شناس
کھینچ لاے بید رنگ سفیان پاس

دم ہلاتا شیر جون پروردہ سگ
دو تر آیا انھون کے ساتھ لگ

یون کہے سفیان ثوری کر عجب
شیر یون سگ ہوا ہی کیا سبب

پس کہے شبان جو ہو دھنتا
نین اُسے کچھ حیز کا دلین ہراس

آشنا ہو حق تعالی سے مدام
آشنا ہو وے تیری خلقت تمام

گر تجھے تین بینش عرفان ہی
ہر کوئی تجھ حال سے انجان ہی

نین تجھے خاوند سے گر ربط ہی
غیر تر سے یقین بے ضبط ہی

من جہد اکا امر لایا ہون بجا
سو نہین یہ شیر سر سے جدا

جب توکل مین کیا یون استوار
تب پایا حق مجھے یہ اقتدار

مین اگر جاہون ابھی اس شیر پر
شہر کو لیجاؤن بوجھا لاد کر

ہی توکل کا شرف یہ ای عزیز
اب تو اس تقریر سے کرلے تمیز

توکہاں ای بیمزاج ناشناس
ہی تجھے ہر حیز کا دلین ہراس

جب رہے مخلوق کا تجھ دلین
پس توکل ہو کہاں خالق اُپر

تو ر دے سب خوف دل سے ایکبار
رکھ خدا پر تو توکل استوار

حق تعالی پر یقین رکھ مستقیم
صدق دل سے ہو توکل کا ندیم

جاو گر تو وادی پر بار مین
بے ضرر ہو ہول جو ان بچہ نامیر

حکایت حضرت ابراہیم خواص رحمۃ اللہ علیہ

راہ سے بیٹھیں قفل درج راز
کر دیا ہی یون کلید لب کو باز

کہ براہیم خواص نامدار
کوئی ویرانہ گئے ایکبار

ساتھ تھا ایک شخص بھی سوداگر
آئے دو نو ناگہان یکجا سے پر

وادی ماران تھا اس جنگل کا نام
کہ تھے سانپان وہان بہت کر مقام

پاون اُس جنگل کو جی رکھتے تھے
ورنہ سے سانپون کے گذر کرتے تھے

شیخ سے پس سطرح اسود کہا
اہل نام خلق مقبول خدا

وادی ماران یہی ہی شت حراب
خوب ہی گر یہان سے ہم جاوین شتاب

تا کہ سانپون سے نہو ہم کو ایذا
ہین بہت و موذیان پر جفا

جب سنے یہ بات شیخ پر قدر
بیٹھ گئی وین کر مصلا خاک پر

اسود وانا فاقت کر نہ جھوڑ
حق تعالی پر توکل دل سے جوڑ

ساتھ تھا شیخ سے ملکر ہم
ہو گیا صحرا نشین بے ترس و غم

جب ہوئی تاریکی شب آشکار
پس لگے آنیکو سانپان بیشمار

مو جو فوج آئے ہین سانپان تند خو
سلے لئے وین سعیا شیخ کو

پس لگا اسود لرزنے شل بید
ہو گیا جینے سے دلین ناامید

ہوگیا سیماب مانند بیقرار
اللہ اللہ بولنا ہر دم پکار
شیخ بولے چپ ہوای ناشناس
گر خدا کو یاد دولیں بے ہراس

جب کیا اسود خدا کو دلیں یاد
گی نکل جا بائیں ہاں سے شل باد
شیخ ساری رات جاگے با نیاز
صبح صادق تک پڑہتے تھے نماز

جب ہوئے فارغ نماز صبح سے
اٹھ کے پھر وہیں مصلے کا کنے
بس مصلے کو لیا اسود اٹھا
سانپ کالی انکھ کا نک از قضا

تھا مصلے مین چھپا وہ پر زہر
چھاتی نے سے باہر آیا سر بسر
پھر وہیں اسود کہا یہ کینہ ور
ہی تعجب نین میں یا ہمکو ضرر

شیخ فرمائے میری ساری عمر
رات ایسی نین ملی کوئی بہرہ ور
کہ حضور قلب تھا حاصل مجھے
قرب حق حاصل ہوئی کامل مجھے

اسطرح اسحاق تو بھی صبح و شام
حق تعالی پر توکل رکھ مدام
جو رکھا درگاہ عزت پر نگاہ
ہی اسے آفات عالم سے پناہ

جسکی نیت ہی توکل او یقین
بولنا اسکو روا نین اہل دین
حق رسی نین جز توکل ای فلان
سکھ توکل ہیں قدم ہو مرد راز دان

ترس حق سے کانپتا رہ ماہ و سال
